آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز ہفتہ 11 مارچ 2023ء بمطابق 18 شعبان 1444ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 60

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع	
فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

ترکیہ و شام کے زلزلہ متاثرین کیلئے امداد تعین شدہ وقت میں بھیجی جائے گی، شہباز شریف

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، ترکیہ، شام میں زلزلہ متاثرین کیلئے خصوصی تیار کردہ خیموں، دیگر امدادی اشیا کی جلد ترسیل کا جائزہ لیا گیا

وزارت خزانہ کا معاشی مسائل کے باوجود امدادی سامان کی پیداوار، ترسیل کیلئے درکار وسائل مہیا کرنا قابل تحسین امر ہے، وزیر اعظم

وزارت خزانہ نے معاشی مسائل کے باوجود امدادی سامان کی پیداوار اور ترسیل کے لیے درکار وسائل مہیا کیے جو قابل تحسین امر ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترکیہ اور شام کے زلزلہ متاثرین کے لئے امداد تعین شدہ وقت میں بھیجی جائے گی، 23 مارچ 2023 تک ترکیہ میں سردی سے بچاؤ کے 50 ہزار خیمے بھیجے جائیں گے، وزارت خزانہ کا معاشی مسائل کے باوجود امدادی سامان کی پیداوار اور ترسیل کیلئے درکار وسائل مہیا کرنا قابل تحسین امر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ترکیہ اور شام میں زلزلہ متاثرین کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ خیمے اور امدادی اشیا کی ترسیل پر جائزہ اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے پریس گوادر اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے وفد ملاقات کررہے ہیں

بجٹ کا 25 فیصد صرف گوادر کی ڈیولپمنٹ پر خرچ کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

گوادر کے منصوبوں کیلئے دنیا کے بہترین کنسلٹنٹس کو ہائر کیا گیا ہے اور بلوچستان میں وسائل کی کمی بھی درپیش ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی صحافیوں سے بات چیت

گوادر کے لوگوں نے پورٹ اور دیگر میگا منصوبوں کیلئے اپنی قیمتی زمینوں کی قربانی دی ہے، حکومت بھی گوادر کے شہریوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے بہترین اقدامات اٹھا رہی ہے

پورٹ کو بجلی کی کمی اور روڈ اسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے بھی تیزی سے کام جاری ہے، سینڈک پروجیکٹ میں بھی ہماری جدوجہد سے رائلٹی کا شیئر بڑھا دی گئی ہے

گوادر (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ صوبے کے پورا بجٹ کا 25 فیصد صرف گوادر کی ڈویلپمنٹ پر خرچ کر رہے ہیں، گوادر کے لوگوں نے پورٹ اور دیگر میگا منصوبوں کیلئے اپنی قیمتی زمینوں کی قربانی دی ہے، حکومت بھی گوادر کے شہریوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے بہترین اقدامات اٹھا رہی ہے۔ صحافیوں سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ گوادر کے منصوبوں کیلئے دنیا کے بہترین کنسلٹنٹس کو ہائر کیا گیا ہے اور بلوچستان میں وسائل کی کمی بھی درپیش ہے، این ایف سی ایوارڈ میں ہمیں شیئر آبادی کے حساب سے ملتا ہے جو کہ بہت کم ہے، ہم اس قابل نہیں کہ صوبے کے تمام مسائل کو حل کر سکیں لیکن پھر بھی ناامید نہیں ہیں وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ قدرتی معدنیات سے صوبے کو اچھا خاصہ رائلٹی ملنا شروع ہو چکی ہے، ریکوڈک منصوبے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

نیپرا نے بجلی کی قیمت میں 14 روپے 24 پیسے فی یونٹ اضافہ کردیا

کراچی کے شہریوں سے 13 روپے 87 پیسے فی یونٹ وصول کرنے کی اجازت دی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے رواں سال بجلی کے صارفین سے 14 روپے 24 پیسے فی یونٹ تک وصول کرنے کی اجازت دیتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نیپرا کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کراچی کے شہریوں سے 13 روپے 87 پیسے فی یونٹ وصول کرنے کی اجازت دی گئی ہے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ساکران تھانہ کے قریب ندی میں ڈوب کر ایک شخص جاں بحق

حب (این این آئی) ساکران تھانہ کے قریب ندی میں ڈوب کر ایک شخص جاں بحق ہو گیا متوفی حاجی براہ واہورہ گوٹھ ماموں ہوٹل کا رہائشی تھا بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اوتھل میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 2 افراد زخمی

اوتھل (این این آئی) اوتھل میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق 2 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز ضلعی صدر بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

عدالت نے قتل اور اغوا کے مقدمہ میں گرفتار صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی ضمانت منظور کر لی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بارکھان سیشن جج کی عدالت نے قتل اور اغوا کے مقدمہ میں گرفتار صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائیکورٹ نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ایک اور غیر ملکی ایئر لائن کا پاکستان کیلئے فضائی آپریشن شروع کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) اتھوپین ایئر لائن نے پاکستان کے لیے فضائی آپریشن شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ ایئر لائن ٹیم کی بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار مزید زور پکڑ گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار مزید زور پکڑ گئی، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان بار کونسل نے بھی جسٹس مظاہر کیخلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بار کونسل کی جانب سے بھی سپریم کورٹ کے جسٹس مظاہر اکبر نقوی کیخلاف سپریم جوڈیشل بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ملک سمندر کاسی ایڈووکیٹ کا قومی جسٹس پارٹی کو پاکستان پیپلز پارٹی میں ضم کرنے کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری لالا روزی خان کاکڑ سے قومی جسٹس پارٹی کے مرکزی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

شمالی وزیرستان، سیکیورٹی فورسز کا دتہ خیل میں انٹیلی جنس اطلاعات پر آپریشن

6 دہشت گرد مارے گئے، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے ضلع دتہ خیل میں انٹیلی جنس اطلاعات پر آپریشن کر کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے ضلع دتہ خیل میں بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پولیس کی کاروائی دو افراد کو یرغمال بنانے والے شخص کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی کاروائی دو افراد کو یرغمال بنانے والے شخص کو فائرنگ کے تبادلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جبکہ دونوں یرغمال افراد کو باحفاظت بازیاب کرالیا گیا۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے کوئٹہ ایونیو میں ایک بلڈنگ میں سلیم زہری نامی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاک فوج کا 23 مارچ کو روایتی پریڈ محدود پیمانے پر کرانے کا فیصلہ

فیصلہ ملک کو درپیش معاشی چیلنجز اور کفایت شعاری پالیسی کے تحت کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے 23 مارچ کو مسلح افواج کی روایتی پریڈ محدود پیمانے پر کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فیصلہ ملک کو درپیش معاشی چیلنجز اور کفایت شعاری پالیسی کے تحت کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 23 مارچ کی پریڈ روایتی انداز میں شکرپڑیاں کے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے مختلف وفود کے ملاقات کررہے ہیں

گوادر کی عوام کا معیار زندگی بہتر بنایا جائے، گوادر کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے، فرح عظیم شاہ

کوئٹہ (ح ن) ترجمان حکومت بلوچستان محترمہ فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں گوادر کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔ ترقیاتی پیکج کے تحت مختلف منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد جاری ہے جس میں تعلیم، صحت، انفرا اسٹرکچر اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے منصوبے سرفہرست بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

فیصل آباد: چیف آرگنائزر مریم نواز جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

انشا اللہ نواز شریف آرہا ہے، الیکشن ضرور ہوگا لیکن پہلے احتساب ہوگا،

جس دن آ جائے گا اس ملک میں خوشحالی کے دن واپس آ جائیں گے' مریم نواز

ترازو کے دونوں پلڑے برابر کیے جائیں گے ورنہ کوئی الیکشن مانے گا نہ تمہاری کوئی بات مانے گا

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ انشا اللہ نواز شریف آرہا ہے، جس دن نواز شریف آجائے گا اس ملک میں خوشحالی کے دن واپس آ جائیں گے، الیکشن ہوگا ضرور ہوگا لیکن پہلے احتساب ہوگا، پہلے ترازو کے دونوں پلڑے برابر کیے جائیں گے ورنہ نہ کوئی الیکشن مانے گا نہ تمہاری کوئی بات مانے گا، پہلے ترازو کے دونوں پلڑے برابر کرو اس کے بعد صبح الیکشن کرا لو ہمیں کوئی اعتراض نہیں، نواز شریف کے خلاف سازش کرنے والے کردار بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اس وقت بدترین مارشل لا سے بھی زیادہ سختی آئی ہوئی ہے، عمران خان

حقیقی آزادی کے جہاد کیلئے سب کو تیار ہونا چاہیے، اگر جان بھی چلی جائے تو ہم نے پیچھے نہیں ہٹنا' مریم نواز ٹیکس کے پیسے سے مہم چلا رہی، ہم پر انتخابی مہم کی پابندی ہے

شہید ہونے والے کارکن ظل شاہ کے کیس کی پوری طرح پیروی کریں گے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی اور سی سی پی او پر کیس کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ شہید ہونے والے کارکن ظل شاہ کے کیس کی پوری طرح پیروی کریں گے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی اور سی سی پی او پر کیس کریں گے، اس وقت بدترین مارشل لا سے بھی زیادہ سختی آئی ہوئی ہے، مریم نواز ٹیکس پیپر کے پیسے سے مہم چلا رہی ہے اس کو پوری مدد مل رہی ہے اور بات ہے کہ لوگ نہیں آ رہے لیکن ہماری انتخابی مہم پر پابندی ہے، یہ وقت ہم سب ظلم کے خلاف کھڑے ہوں، حقیقی آزادی کے جہاد کے لئے سب کو تیار ہونا چاہیے، اگر جان بھی چلی جائے تو ہم نے اب پیچھے نہیں ہٹنا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحریک انصاف وسطی بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

لگتا ہے عارف نقوی امریکہ جانے کے سفر میں عمران نیازی کی راہ دیکھ رہے ہیں، شازیہ مری

عمران نیازی کو بتانا پڑیگا عارف نقوی کی 'تھوڑی سی منی لانڈرنگ' میں ان کا کتنا حصہ ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سیکرٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ لگتا ہے کہ عارف نقوی امریکہ جانے کے سفر میں عمران نیازی کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ عمران نیازی کو بتانا پڑے گا کہ عارف نقوی کی 'تھوڑی سی منی لانڈرنگ' بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ اپنی صفوں کو درست، خود احتسابی کا عمل شروع کرے، اعظم نذیر تارڑ

فیض حمید کیخلاف کسی ادارے کو خط لکھنے کا علم نہیں، دیکھنا ہوگا ادارے کے باہر سے کوئی شکایت کر سکتا ہے یا نہیں،

اگر کسی نے حلف کی پاسداری نہیں کی اور اختیارات سے تجاوز کیا تو اسے نشان عبرت بننا چاہئے، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ اپنی صفوں کو درست اور خود احتسابی کا عمل شروع کرے، جنرل فیض حمید کیخلاف کسی ادارے کو خط لکھنے کا علم نہیں، دیکھنا ہوگا ادارے کے باہر سے کوئی شکایت کر سکتا ہے یا نہیں، اگر کسی نے اپنے حلف کی پاسداری نہیں کی اور اختیارات سے تجاوز کیا تو اسے نشان عبرت بننا چاہئے۔ 50 کروڑ سے کم، اختیارات کے ناجائز استعمال والی انکوائریز اب متعلقہ فورم پر جائیں گی، چیئرمین نیب تحقیقات از خود بند نہیں کر سکتے عدالت کے ذریعے ہی تفتیش بند ہو سکتی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ وفاقی کابینہ نے نیب قانون میں کچھ ترامیم کی منظوری دی ہے، نیب قانون کی سیکشن 4 اور 5 میں ترمیم کی گئی ہے، اب عدالتیں ہی نیب کیسز کا جائزہ بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

موجودہ دور میں حصول علم کے تقاضے تیزی سے بدل رہے ہیں، ایڈمرل امجد نیازی

مادر وطن کے دفاع، سلامتی کیلئے مسلح افواج کا کردار اور قربانیاں قابل تحسین ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے کہا ہے کہ مادر وطن کے دفاع، سلامتی کیلئے مسلح افواج کا کردار اور قربانیاں قابل تحسین ہیں، موجودہ دور میں حصول علم کے تقاضے تیزی سے بدل رہے ہیں، جدید تعلیم کے حصول کا واحد طریقہ عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہائی ٹیک صلاحیتوں کے حصول پر مبنی ہے جس میں نئی ابھرتی ٹیکنالوجی کے جدید رجحانات سے باخبر رہنے کے ساتھ باہمی تنازعات، کورٹن اور سائبر جنگ سے نمٹنے کیلئے خود کو تیار رکھنا ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے پاک فضائیہ کے ایئر وار کالج انسٹیٹیوٹ فیصل کا دورہ کیا بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

73 کا آئین وفاق کو اکٹھا رکھنے کی واحد ضمانت ہے، رضا ربانی

وفاق کی تمام اکائیوں، سیاسی جماعتوں نے 73 کا آئین تسلیم کیا، نیا آئین آیا تو موجودہ وفاق کی شکل باقی نہیں رہے گی

پی ڈی ایم حکومت کبھی بھی قومی سلامتی اور مفاد کے خلاف اقدام اٹھانے پر تیار نہیں ہوگی' پارٹی سیکرٹریٹ میں اجلاس کے بعد پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے دستور پاکستان گولڈن جوبلی تقریبات سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ 73 کا آئین وفاق کو اکٹھا رکھنے کی واحد ضمانت ہے، نیا آئین آیا تو موجودہ وفاق کی شکل باقی نہیں رہے گی، وفاق کی تمام اکائیوں اور سیاسی جماعتوں نے 73 کا آئین تسلیم کیا، مارشل لا کے باوجود کوئی بھی 73 کے آئین کو ختم نہیں کر سکا، تمام مسائل اور مختلف آرا کے باوجود 73 کے آئین نے سب کو اکٹھا کر رکھا ہے، کوئی مس ایڈونچر نہیں ہونا چاہیے، پی ڈی ایم حکومت کبھی بھی قومی سلامتی اور مفاد کے خلاف اقدام اٹھانے پر تیار نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنٹرل سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چوہدری منظور احمد، رانا فاروق سعید، سید حسن مرتضیٰ، بیرسٹر مسعود کوثر، چوہدری اسلم گل، ثمینہ خالد بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاکستان کے کسی بھی شعبے کی ترقی میں خواتین کا کردار اہم ہے، رانا تنویر

تعلیم کے ذریعے ہی ہم ملک کو ترقی دے سکتے ہیں، موجودہ مسائل سے نمٹ سکتے ہیں،

وفاقی دارالحکومت میں 16 ہزار سے زائد بچے سکول نہیں جاتے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر نے صحافت کے شعبے میں خواتین کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے کسی بھی شعبے خصوصاً تعلیم کی ترقی میں خواتین کا کردار اہم ہے، تعلیم کے ذریعے ہی ہم ملک کو ترقی دے سکتے اور موجودہ مسائل سے نمٹ سکتے ہیں، وفاقی دارالحکومت میں 16 ہزار سے زائد بچے سکول نہیں جاتے، تعداد کم کر کے وفاق کو باقی ملک کیلئے ماڈل بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ، پی ٹی آئی کی استعفے ایک ساتھ منظور کرنے کی درخواست سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ارکان اسمبلی کے استعفے ایک ساتھ منظور کرنے کی درخواست سماعت کے لئے مقرر کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کے استعفے ایک ساتھ منظور کرنے کی درخواست سماعت کے لئے مقرر کر دی ہے، چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: امیر جماعت اسلامی سراج الحق احتجاجی دھرنے کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے کی جیلوں میں قیدیوں کو راشن کی فراہمی کیلئے دس کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے صوبے کی جیلوں میں قیدیوں کو راشن کی فراہمی کیلئے دس کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی، فنڈز کی منظوری کے بعد جیلوں کے ٹھیکیداروں نے قیدیوں کو راشن کی فراہمی شروع کر دی۔ جیل حکام کے مطابق بلوچستان کی جیلوں اور جوڈیشل لاک اپ کے قیدیوں کو راشن فراہم کرنے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

عمران خان کی حکومت دوبارہ قائم ہونے میں اب کوئی رکاوٹ نہیں' پرویز الٰہی

کوئی سرکاری ادارہ الیکشن میں تعاون سے انکار کریگا تو ذمہ دار وزیر اعظم ہوں گے

پی ڈی ایم الیکشن سے فرار کے حیلے بہانے کر کے شکست تسلیم کر چکی، مرکزی صدر تحریک انصاف

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ کوئی سرکاری ادارہ الیکشن میں تعاون سے انکار کرے گا تو ذمہ دار براہ راست وزیر اعظم ہوں گے۔ چوہدری پرویز الٰہی سے پارٹی رہنماؤں نے ملاقات کی جن میں سابق صوبائی وزیر محمد بشارت راجہ، سیاسی رہنما چوہدری نعیم الدین وڑائچ، چوہدری وسیم الدین وڑائچ اور چوہدری بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کا ای خدمت سنٹر کے قیام کیلئے اراضی کی فراہمی کی منظوری

وزیراعلیٰ بلوچستان کا محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر انتظام کوئٹہ میں شہری مرکز سہولیات کے قیام کیلئے اراضی کی فراہمی کی منظوری

میر عبدالقدوس بزنجو نے یہ منظوری محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر انتظام کوئٹہ میں شہری مرکز سہولیات اور ای خدمت مرکز کے قیام کے لئے اراضی کی فراہمی کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب سے ارسال کی جانے والی ایک سمری پر دی شہری مرکز سہولیات اور ای خدمت سینٹر کے قیام سے عوام کی خدمات تک رسائی آسان ہوگی مذکورہ مراکز عوام کو آٹو میٹڈ طریقوں کی ون ونڈو سروسز فراہم کریگے شہری مرکز سہولیات اور ای خدمت سینٹر کے قیام کے لیے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اپنی اراضی فراہم کرے گا۔ عوامی حلقوں کی جانب سے وزیر اعلیٰ کے اس احسن اقدام کا خیر مقدم کیا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

عدالت نے وارنٹ میر عمران تاج گچکی کو 13 مارچ کو پیش کرنے کا حکم دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ جمعہ کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری کے خلاف چیک ڈس آنر کیس میں فوجداری کارروائی کی سماعت ہوئی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ عمر شبیر نے غیر حاضری پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری میر عمران تاج گچکی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ میر عمران تاج گچکی نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اساتذہ کی تعیناتی میں مکمل طور پر میرٹ کو ہی ملحوظ خاطر رکھا جائیگا، ترجمان محکمہ تعلیم

وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان نے بلوچستان میں تعلیم کی بہتری کیلئے اور بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بہترین فیصلہ کیا ہے

کسی نے غیر ضروری رکاوٹ پیدا کرنے کی کوشش کی تو اسکے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائیگا، ترجمان محکمہ تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان محکمہ تعلیم کے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے بلوچستان میں تعلیم کی بہتری کیلئے اور بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بہترین فیصلہ کیا اس کے ساتھ ساتھ بھرتیوں کی شفافیت کیلئے اور تعیناتیاں میرٹ پر کرنے کیلئے سب چیزوں کو آن لائن کرنے کی ہدایات بھی دیں جس کی روشنی میں سب سے پہلے رجسٹریشن ہے اسکے بعد سلیبس اور پھر رول نمبر سلپ سمیت تمام نتائج آن لائن کرنا ہے تا کہ شفافیت کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے جسکی روشنی میں میرٹ کو کافی حد تک یقینی بنایا جائیگا اگر بات کی جائے پاکستان کی تو پاکستان کا سب سے پسماندہ اور کم خواندہ صوبہ بلوچستان ہے جہاں خواندگی باقی صوبوں سے کم ہے اسی طرح جب پرائمری، مڈل سکولوں کی بات بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

"گوادر کو حق دو تحریک" کے رہنما مولانا ہدایت الرحمن کو رہا کیا جائے، سراج الحق

مقامی رہائشیوں کے مطالبات تسلیم کیے جائیں، پورے ملک سے قافلہ لیکر گوادر کا رخ کروں گا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ "گوادر کو حق دو تحریک" کے رہنما مولانا ہدایت الرحمن کو رہا کیا جائے اور مقامی رہائشیوں کے تمام مطالبات تسلیم کیے جائیں، اگر ایک ہفتے ڈیمانڈز پوری نہ ہوئیں تو جماعت اسلامی اپنا لائن آف ایکشن دینے میں آزاد ہوگی، پورے ملک سے قافلے لیکر گوادر کا رخ کروں گا۔ کوئٹہ میں گوادر کے عوام کے حقوق کے حق میں احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ "گوادر کو حق دو تحریک" سی پیک مخالف نہیں، بحر لوگ یہ کہنے میں حق بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت کا مالی خسارہ 1500 ارب روپے ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ/گوادر (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کا مالی خسارہ 1500 ارب روپے ہے، ترقیاتی مد میں سالانہ 100 ارب ہوتے ہیں جن سے صوبے بھر میں بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں مشکل درپیش ہوتی ہے، مالی گیپ کو لیبر کا درجہ بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

واشک میں پاک ایران سرحدی علاقے میں لیویز کی کاروائی

کراچی سے 30 ہزار ڈالر لیکر فرار ہونے والا نوجوان گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) واشک میں پاک ایران سرحدی علاقے میں لیویز کی کاروائی کراچی سے 30 ہزار ڈالر لیکر فرار ہونے والا نوجوان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق لیویز فورس کو اطلاع ملی تھی کہ کراچی کے رہائشی عبدالعلیم نامی نوجوان انسانی اسمگلروں کے جھانسے میں آ کر 30 ہزار ڈالرز کے ہمراہ ایران کی جانب روانہ ہوگیا ہے جہاں سے وہ غیر قانونی طور پر یورپ جانا چاہتا ہے جس پر لیویز فورس نے علاقے میں ناکہ بندی کرتے ہوئے گزشتہ شب واشک میں پاک ایران سرحدی علاقے میں کاروائی کرتے ہوئے بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 73 نئے کیس رپورٹ ہوئے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا وائرس کے 73 نئے کیس رپورٹ ہوئے ہیں جن میں سے 10 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

فرح گوگی کے خلاف تحقیقات کا دائرہ کار وسیع

نیب نے تمام ڈویلپمنٹ اتھارٹیز کو 17 مارچ تک ریکارڈ جمع کروانے کی ہدایت کردی

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی قریبی دوست فرح گوگی کے خلاف تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کردیا۔ فرح خان کے خلاف آمدن سے زائد اثاثوں، منی لانڈرنگ کیس کی تحقیقات میں صوبہ بھر سے فرح گوگی کے نام جائیدادوں کا ریکارڈ طلب کرلیا گیا ہے۔ نیب نے فرح خان کی جائیدادوں کا سراغ لگانے کیلئے صوبہ بھر کی ڈویلپمنٹ اتھارٹیز کو مراسلہ بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی کوئٹہ پریس کلب پریس کانفرنس کررہے ہیں

ہم معاشرے کو تبدیل کرنے نکلے ہیں تو جیت اجتماعی ہے، اسد بلوچ

صوبائی وزیر زراعت میر اسداللہ بلوچ کا گرلز انٹر کالج تپ گرلز کالج کہن زگی کا دورہ

گرلز کالجز کے لئے ایک کروڑ کی گرانٹ اور آڈیٹوریم ہال تعمیر کرنے اور دونوں کالجز کے لئے بسوں کی فراہمی کا بھی اعلان

پنجگور (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت میر اسداللہ بلوچ نے گرلز انٹر کالج تپ گرلز کالج کہن زگی کا دورہ، عوام اور کالج اسٹاف سے خطاب، گرلز کالجز کے لئے ایک کروڑ کی گرانٹ اور آڈیٹوریم ہال تعمیر کرنے اور دونوں کالجز کے لئے بسوں کی فراہمی کا بھی اعلان کیا۔ دورے کے موقع پر کالجز کے پرنسپل پروفیسر مشتاق احمد گچکی اور پروفیسر عبدالرحیم بلوچ نے صوبائی وزیر کو کالجز میں تدریسی سرگرمیوں اور دیگر مسائل کی بابت بریف کیا۔ اس دوران پی این پی عوامی کے مرکزی لیبر سیکرٹری نور احمد بلوچ ضلعی آرگنائزر رحیم بلوچ ڈپٹی آرگنائزر جلیل احمد سیلانی مرکزی کمیٹی کے رکن و میونسپل کارپوریشن کے چیئرمین شکیل احمد بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

قبائلی تنازعات ختم کرکے بھائی چارے اور ترقی و خوشحالی کو فروغ دیا جاسکتا ہے، چیئرمین سینیٹ

دالبندین (آن لائن) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ قبائلی تنازعات ختم کرکے بھائی چارے اور ترقی و خوشحالی کو فروغ دیا جاسکتا ہے وہ چاغی کے نواحی علاقے چارسر میں ایک قبائلی جرگے سے خطاب کررہے تھے جہاں محمد حسنی اور ساسولی قبیلے کے مابین تقریبا ایک دہائی سے جاری خونی تنازعے کے باعث 8 افراد کے قتل اور بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ بلوچستان امتحانی سینٹر کا دورہ کررہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

11 مارچ 2023ء

ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار مزید زور پکڑ گئی

ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار مزید زور پکڑ گئی، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں مزید 1.37 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں اضافہ 42.27 فیصد تک پہنچ گیا۔ حالیہ ہفتے ملک میں 29 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 8 سستی ہوئیں جبکہ 14 کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق 9 مارچ 2023 کو ختم ہونے والے حالیہ ہفتے کے دوران 44 ہزار 175 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والا طبقہ مہنگائی سے سب سے زیادہ متاثر ہوا جس کیلئے مہنگائی کی شرح 44.14 فیصد رہی ہے۔ مہنگائی کی شرح میں 1.37 فیصد اضافہ ہوا ہے اور آلو، پیاز، چینی، ٹماٹر، صابن، آٹا، مٹن، بیف، ویجی ٹیبل گھی، دال ماش، سرسوں کا تیل، چائے، ماچس، چاول اور کھلا تازہ دودھ سمیت مجموعی طور پر 29 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ چکن، لہسن، انڈے، ایل پی جی، دال چنا، دال مسور اور دال مونگ پر مشتمل 8 اشیا سستی ہوئی جبکہ 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ ٹماٹر 12.43 فیصد، پیاز 9. 26، آلو 11.37، چینی 48.5، ککنگ آئل 4.27، آٹا 97.4، ویجیٹیبل گھی 01.4 فیصد، دہی 1. 89 فیصد، دودھ 1. 82، چائے 1. 79، نمک 1. 21 فیصد اور باسمتی ٹوٹا چاول 1. 24 فیصد مہنگے ہوئے ہیں جبکہ چکن 6. 73، لہسن 07.2، دال مونگ 0. 83، دال مسور 0. 50، انڈے 0. 77، ایل پی جی 0. 26 فیصد، دال چنا 0. 05، جلانے کی لکڑی 0. 12 فیصد سستی ہوئی۔ جن 8 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی ہے ان میں چکن، لہسن، انڈے، ایل پی جی، دال چنا، دال مسور اور دال مونگ پر مشتمل اشیا شامل ہیں البتہ 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔

کپتان کی زباں بندی؟

نسیم شاہد

جس دن شام کو پیمرا نے عمران خان کی لائیو یا ریکارڈ شدہ تقریر و بیان دکھانے پر پابندی لگائی اسی رات خبرنامے میں تقریباً ساٹھ فیصد حصہ عمران خان کے خلاف مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی تنقید پر مشتمل تھا تاہم چالیس فیصد زمان پارک میں گرفتاری کی خبروں اور اسلام آباد پولیس کی ناکامی کا تذکرہ لئے ہوئے تھا۔ اب بھلا کوئی بتائے کہ ایسے میں کیا عمران خان پر پابندی کا کوئی اثر ہوگا۔ پھر تحریک انصاف کی طرف سے جوابی حملہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ مریم نواز آج کل اپنے ہر جلسے اور اجلاس میں جو خطاب کرتی ہیں وہ عدلیہ کے ججوں کی تضحیک پر مبنی ہوتا ہے کیا پیمرا عدلیہ کو ایک ادارہ نہیں سمجھتا اور اس کے خلاف تقریریں جائز ہیں۔ مریم نواز تو یہ بھی کہتی ہیں کہ وہ کھل کر تنقید کریں گی چاہے کسی کو اچھی لگے یا بری مجھے اس کی کوئی پروا نہیں۔ حیرانی اس بات پر ہے کہ عمران خان نے جب اپنے موقف میں تھوڑی لچک پیدا کی ہے سمجھوتے کی بات کرنے لگے ہیں تو انہیں گستاخی کا الزام لگا کے ٹی وی چینلوں پر بین کر دیا گیا ہے۔ جب وہ کھل کھلا کر بات کرتے تھے تو کوئی قدغن نہیں لگائی گئی تھی۔ پیمرا کے اصول بھی خود ساختہ معیارات پر مشتمل ہیں چاہے تو نواز شریف کی تصویر دکھانے پر بھی پابندی لگا دے اور چاہے تو ان کے لائیو خطاب بھی دکھا دے۔ پیمرا کو نجانے اچانک یہ خیال کیسے آیا کہ عمران خان تو اداروں پر تنقید کر رہے ہیں یہ کام تو وہ گزشتہ گیارہ ماہ سے جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں نے اسٹیبلشمنٹ کو نہیں چھوڑا، نیوٹرلز کو جانور سے تشبیہ دی، وزیراعظم شہباز شریف کو ہمیشہ چور ڈاکو کہا، آرمی چیف کو مخاطب کر کے یہ کہا وہ انہیں اپنا دشمن سمجھتے ہیں، غرض یہ باتیں تو اب عمران خان کا معمول ہیں، جب یہ سب باتیں عوام تک پہنچ گئی ہیں تو پیمرا خواب سے جاگا ہے اور عمران خان کے خطابات کو لائیو یا ریکارڈ شدہ دکھانے پر پابندی لگا دی ہے۔ اس سے کیا فرق پڑے گا؟ ایک ایسے دور میں کہ جب عوام تک رسائی کے ایک سے زیادہ مواقع موجود ہیں اور تمام ٹی وی چینلز بھی اپنے ویب صفحات پر عمران خان کو دکھا رہے ہیں، صرف ٹی وی سکرین پر عمران خان کو ممنوع قرار دینے سے لوگوں کا تجسس بڑھے گا کم نہیں ہوگا۔

پابندی کسی مسئلے کا حل نہیں یہ کسی دور میں بھی کارگر ثابت نہیں ہوئی۔ اس بار تو حد ہی کر دی گئی ہے کہ ریکارڈ شدہ مواد کو بھی دکھانے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ یہ چیز آزادی اظہار کے بنیادی فلسفے کے خلاف ہے۔ پیمرا ایک ضابطہ اخلاق ضرور جاری کر سکتا ہے، جس میں حدود و قیود کا تعین کر دیا گیا ہو۔ کسی قومی لیڈر کو جسے لوگ سننا چاہتے ہوں اور چینلز بھی صرف اس کی مقبولیت کے باعث اسے دکھاتے ہوں اس طرح کا بلیک آؤٹ ریاستی جبر کے زمرے میں آتا ہے۔ عمران خان کی تقریروں پر پہلے بھی پابندی لگائی گئی تھی تاہم عدلیہ کی طرف سے اسے کالعدم قرار دے دیا گیا تھا۔ اس وقت ایسے بے شمار طریقے آ گئے ہیں، جن کے ذریعے قابل اعتراض مواد کو روکا جا سکتا ہے۔ چینلز اس پر عمل بھی کر رہے ہیں اور براہ راست نشر کرنے کی بجائے ریکارڈ شدہ حصہ چلاتے ہیں، چاہیے تو یہ کہ اگر پیمرا کی طرف سے دی گئی ہدایات اور ضابطوں پر عمل نہیں ہو رہا تو چینلز مالکان کو اس بارے میں متنبہ کیا جائے، اس کی بجائے ایک قومی سطح کے لیڈر کی زبان بندی کر دینا ایسا عمل ہے، جس کا تاثر منفی ہی پڑے گا۔ پھر یہ بھی ہے کہ اگر کوئی ضابطہ اخلاق بنایا جائے تو اس پر بلاتعصب غیر جانبداری سے عمل ہونا چاہئے۔ صرف اپوزیشن کی جماعت یا شخصیت کو ہدف بنانے سے تلخیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ مثلاً جب سے سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کرانے کا حکم دیا ہے، کہیں دبے اور کہیں کھلے لفظوں میں ججوں پر تنقید جاری ہے۔ کل ہی مولانا فضل الرحمن نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہی عدلیہ تھی جس نے پرویز مشرف کو الیکشن کرانے کے لئے تین سال دیئے اب 90 دنوں میں انتخابات کرانے کا حکم دے رہی ہے۔

مریم نواز نے ججوں کا نام لے کر بلکہ اپنے جلسے میں ان کی تصویریں دکھا کر کھلے لفظوں میں تنقید کی وہ سب کچھ ٹی وی چینلوں پر چلا کسی نے نہیں روکا نہ ہی پیمرا نے اس کے بعد کوئی نوٹس لیا۔ سپریم کورٹ کے ایک معزز جج مظاہر علی اکبر نقوی کے بارے میں حالیہ عرصے میں حکومتی وزراء نے کیا کچھ نہیں کہا، اس وقت بھی نوٹس لیا جانا چاہئے تھا معاملہ یہ نہیں کہ عمران خان جو کہتے ہیں اس کی حمایت کی جائے بلکہ اصل بات یہ ہے کہ ٹی وی چینلوں کے لئے کوئی ضابطہ اخلاق ہونا چاہیے جس پر شخصیات کو دیکھے بغیر عمل کیا جائے۔

جہاں تک عمران خان پر پابندی کا تعلق ہے تو اس کا زیادہ اثر اس لئے نہیں ہوگا کہ ان کا سوشل میڈیا ونگ بہت مضبوط اور متحرک ہے اصول تو یہ ہونا چاہئے کہ اگر عمران خان ٹی وی چینلوں پر زباں بندی کر دی گئی ہے تو پھر حکومتی شخصیات بشمول مریم نواز بھی ان کا ذکر کرنا چھوڑ دیں۔ لیکن ایسا نہیں ہوگا کیونکہ فی الوقت حکومتی شخصیات کے پاس سوائے عمران خان کی مخالفت کے اور کوئی موضوع ہے ہی نہیں جہاں وزیر خزانہ اسحاق ڈار بھی اپنی ہر ناکامی کا ملبہ عمران خان پر ڈالتے ہوں اور وزیراعظم شہباز شریف ہر تقریر میں ان کا ذکر کرنا ضروری سمجھتے ہوں وہاں عمران خان کا نام چینلوں سے کیسے حذف کیا جا سکتا ہے۔ تاہم یہ بڑی زیادتی ہوگی کہ ٹی وی چینلوں پر عمران خان کو یکطرفہ تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہے اور ان کی طرف سے کسی جواب پر پابندی ہو۔ مثلاً نواز شریف کا یہ بیان تو ٹی وی پر چل جائے کہ نواز شریف سے عمران خان کو کچھ بہادری ادھار میں دے دیں۔ مگر یہ بیان نہ چلے کہ نواز شریف اتنے ہی بہادر ہیں تو اپنی جماعت کی حکومت ہونے کے باوجود پاکستان واپس کیوں نہیں آ رہے وفاقی وزراء کی عمران خان کے بارے میں سنی سنائی اور خود ساختہ باتیں بھی ٹی وی چینلوں پر چل جائیں اور ان کا جواب دینے پر پابندی ہو۔ مثلاً اسلام آباد پولیس جب عمران خان کو گرفتار کرنے زمان پارک گئی تو بعض وزراء نے تو یہ کہا کہ وہ باتھ روم میں چھپ گئے۔ اب اس حوالے سے ان کے پاس کیا ثبوت تھے، جو کچھ پولیس کو معلوم نہیں وہ انہیں کیسے معلوم ہو گیا۔

اس لئے یہ ضروری ہے کہ اگر عمران خان کے بیانات اور تقریروں پر پیمرا نے پابندی لگا دی ہے تو ان پر تنقید کرنے والوں کے بیانات کو بھی روک دیجئے، وگرنہ یہی تاثر جائے گا ایک کو ہاتھ باندھ کر بٹھا دیا گیا ہے اور دوسرے فریق کو کھلی چھٹی دیدی گئی ہے۔

جہاں سیاستدانوں کو اظہار خیال کرتے ہوئے حدود و قیود کا خیال رکھنا چاہئے وہیں پیمرا جیسے ادارے کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ ایسے اقدامات سے گریز کرے جن سے آزادی اظہار پر بے جا قدغن لگانے کا تاثر ابھرے۔ عمران خان کے بیانات اور تقریروں پر پابندی لگانے کا انتہائی قدم اٹھانے کی بجائے پیمرا کو ٹیکنالوجی کے جدید ذرائع کا استعمال کر کے توازن پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

بیرونی ذرائع ابلاغ میں.........(آخری قسط)

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

پر کیوں سجا دیتے ہیں!......منیر نیازی کا وہ شعر یاد کریں: عادت ہی بنالی ہے......)

3۔ امریکی آفیسرز کا ایک بنگالی وفد پاکستان آرہا ہے جو 6 اور 7 مارچ 2023ء کو کاؤنٹر ٹیررازم (انسداد دہشت گردی) کے موضوع پر پاکستانی حکام سے بات چیت کرے گا۔ اس وفد کی سربراہی کرسٹوفر لینڈ برگ (Land berg) کر رہے ہیں جو اس محکمے کے قائم مقام کوآرڈی نیٹر ہیں۔ پاکستان اور امریکہ کو دہشت گردی کے ناسور کے جو مشترکہ خطرات لاحق ہیں، ان پر ڈسکشن ہوگی اور ایک ایسی سٹرٹیجی وضع کی جائے گی جو بارڈر سکیورٹی کے اہم ترین مقامات پر انسداد دہشت گردی کے اقدامات اٹھانے پر غور و خوض کرے گی! (عرب نیوز)

تبصرہ: درج بالا قسم کے اعلانات اور بیانات بڑی سوچ بچار کے بعد جاری کئے جاتے ہیں۔ ان کی زبان اور طرز تحریر ایسی رکھی جاتی ہے کہ اس کے کوئی سے معانی اور مفاہیم نکالے جا سکتے ہیں۔ امریکہ کا محکمہ دفاع، محکمہ خارجہ اور دوسرے محکمے اس طرز تحریر میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ اب تو امریکہ کی دیکھا دیکھی، روس، چین اور کینیڈا وغیرہ بھی ایسے ہی بیانات اور اعلانات کی پیروی کر رہے ہیں۔ یہ مذاکرات کیوں ہوں گے، اس میں پاکستان کی طرف سے کون شریک گفتگو ہوگا اور کیا فیصلے ہوں گے یہ پاکستانی میڈیا پر کبھی آشکار نہیں کئے جائیں گے کہ یہ ایک بین الاقوامی پریکٹس ہے۔ اس پر من و عن عمل کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ 'اندر' کچھ باتیں فیصلہ ہوتی ہیں اور باہر آ کر کچھ اور بن جاتی ہیں۔

یہ دوغلا پن عصر حاضر کی ایک "کامیاب سفارتی ایجاد" ہے جس کے تجربات گزشتہ صدی کی دونوں عالمی جنگوں میں کئے گئے تھے۔ دوسری عالمی جنگ کے ایام میں تو جھوٹ اور کذب گوئی کے ایسے ایسے تجربے کئے گئے تھے کہ جرمنی کے گوئبلز کے بظاہر بے ضرر نما بیانات بھی معرض شبہات میں پڑنے لگے تھے۔ اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی گئیں جن میں سے کچھ تو منظر عام پر آ چکی ہیں اور کچھ ابھی "معاہدوں" کی رو سے خفیہ رکھی جا رہی ہیں۔ شاید اختتام جنگ کے 100 سال بعد (2045ء میں) سامنے آئیں۔

اس وقت دنیا کو خبر ہوگی کہ مغربی دنیا میں جھوٹ کی تشریح کیا تھی اور مشرقی دنیا میں اس سے کیا مطلب لیا جاتا رہا۔۔۔۔ پاکستان کی نئی نسل دو عشرے اور انتظار کرلے۔ لیکن ہماری آئندہ پاکستانی نسل بھی امید ہے شاید اس "خاص فن" میں 'بونگی' ہی رہے گی۔

4۔ دوحہ (قطر) میں 5 اور 6 مارچ کو اقوام متحدہ کے پرچم تلے غریب ملکوں کی ایک کانفرنس منعقد ہوگی جس میں پاکستان کے وزیراعظم جناب شہباز شریف بھی شامل ہوں گے۔ اس کانفرنس کی سائڈ لائنوں پر پاکستانی وزیراعظم شرکائے کانفرنس کے لیڈروں اور وفود کے سربراہوں سے باہمی ملاقاتیں کریں گے۔ اس کانفرنس میں پاکستانی وزیراعظم کی شرکت، غریب اور کمترین شرح کے غیر ترقی یافتہ ممالک کی طرف سے پاکستان کی یک جہتی اور سپورٹ قابل ذکر ہو گی۔ (وزارت خارجہ۔ عرب نیوز)

تبصرہ: جب یہ کالم شائع ہوگا تو ہمارے وزیراعظم واپس تشریف لا چکے ہوں گے۔۔۔۔ اس ضمن میں دو پہلوؤں پر قارئین کی توجہ مبذول کرانی چاہوں گا۔

پہلا پہلو یہ ہے کہ جب وزیراعظم دوحہ میں اس "غریب کانفرنس" میں شریک تھے تو پاکستان میں اسلام آباد پولیس، ایک سابق وزیراعظم کو گرفتار کرنے لاہور پہنچی تھی۔ اسلام آباد پولیس کے آئی جی نے لاہور کے ہم منصب سے رابطہ کیا اور کہا کہ اس گرفتاری میں اسلام آباد پولیس کی مدد کی جائے۔ یہ کوشش پہلے بھی کی جا چکی ہے اور ہم جانتے ہیں کہ ناکام ہوئی تھی۔ یہ ایک اور کوشش تھی جو بظاہر (وقتی طور پر ہی سہی) ناکام ہوگئی۔ خیال ہے متعلقہ وزارت داخلہ و خارجہ نے دوحہ میں وزیراعظم سے اس صورت حال کا ذکر کر کے ان سے فائنل آرڈرز لئے ہوں گے۔ وزیراعظم نے اچھا کیا کہ مزید کارروائی روکنے کا حکم دیا ورنہ اگر پاکستان میں حالات خراب ہو جاتے تو دوحہ میں شرکاء سے انٹرایکشن کے بغیر ہی وزیراعظم کو واپس آنا پڑتا۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ اس موو (Move) کی اتنی جلدی کیا تھی؟ کیا پنجاب اور کے پی کے میں الیکشنوں کا چرچا نہیں ہو رہا؟ کیا الیکشن کمیشن، سپریم کورٹ کے احکامات کے تحت، حکومتی آرزو کے علی الرغم، ایک درست سمت میں اقدام نہیں کر رہا؟

قومی بحران اور دانشور

اے خالق سرگانہ

وطن عزیز ایک ہمہ جہتی بحران کا شکار ہے اس پر ہر باشعور آدمی پریشان ہے۔ ہر آدمی اپنے طریقے سے اس صورت حال پر اپنا رد عمل ظاہر کر رہا ہے۔ سابق وفاقی سیکرٹری اور دانشور جناب اظہار الحق نے ایک کالم میں موجودہ حالات پر اظہار خیال کیا اور کچھ تجاویز پیش کیں کہ کیسے اس صورتحال کی بہتری کیلئے حصہ ڈالا جائے۔

انہوں نے اس سلسلے میں سابق آئی جی پولیس اور دانشور ذوالفقار چیمہ صاحب کی بھی اس سمت توجہ دلائی، اس کے جواب میں چیمہ صاحب نے علامہ اقبال کونسل کے پلیٹ فارم سے جس کے وہ صدر ہیں اتوار کے روز اسلام آباد کلب میں مختلف شعبوں کے ممتاز افراد کو مل بیٹھنے کی دعوت دی ان میں لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعیم لودھی، ریٹائرڈ ریئر ایڈمرل ارشد، ریٹائرڈ جسٹس مجاہد مقیم اور اکبر ایس بابر، الخدمت فاؤنڈیشن کے ہیڈ عبدالشکور، خورشید ندیم، پروفیسر مسعود زاہد، ایمبیسڈر عبدالباسط، ایمبیسڈر قاضی رضوان سمیت کوئی تیس لوگوں نے اس نشست میں شرکت کی۔

چیمہ صاحب نے تعارفی کلمات میں موجودہ بحران کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ نیب، ایف آئی اے اور ایف بی آر کے سربراہوں کی تقرری کچھ نیک نام افراد کی سرچ کمیٹی کرے۔ قابل کاشت رقبے پر ہاؤسنگ سوسائٹیاں بنانے پر پابندی لگائی جائے۔ بازار غروب آفتاب کے بعد بند کئے جائیں۔ بیرون ملک سیاسی پارٹیاں اپنے دفاتر بند کریں اور پاکستان کی سیاست کی بجائے اُس ملک جس میں وہ رہ رہے ہیں کی سیاست میں بھرپور حصہ لیں اور اپنا مقام بنائیں اس طرح وہ اپنے وطن کو بھی فائدہ پہنچا سکیں گے۔

انہوں نے جو نکات اُٹھائے تھے اور اُن کے جو حل تجویز کئے عمومی طور پر شرکاء میں اُن پر اتفاق رائے تھا۔ سیاسی اور معاشی بحران تو ہر شخص کو کسی نہ کسی سطح پر متاثر کر رہا ہے اور جہاں چار آدمی اکٹھے ہوتے ہیں موضوع بحث یہی صورتحال ہوتی ہے ہیں لیکن اس صورتحال کو ایک عدالتی بحران نے مزید سنگین کر دیا ہے۔ چیمہ صاحب نے اس سلسلے میں پُرزور انداز میں ایک تجویز پیش کی کہ اعلیٰ عدالتوں میں پیدا ہونے والی تازہ صورتحال میں یہ ضروری ہو گیا ہے کہ ججوں کی تقرری کا طریق کار تبدیل کیا جائے۔

جنرل لودھی نے سول ملٹری تعلقات کا جائزہ پیش کیا اور اس بات کا اعتراف کیا کہ آرمی نے کئی دفعہ اپنے دائرہ کار سے تجاوز کیا ہے لیکن اب اس ادراک کی روشنی میں ملٹری قیادت محتاط ہے انہوں نے ایک اچھی تجویز پیش کی کہ بہتر مینجمنٹ کیلئے ضروری ہے کہ صوبوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔ میرے خیال میں یہ ایک اہم مسئلہ ہے لیکن اس معاملے میں سول ملٹری دونوں فریق وعدوں کے باوجود ناکام رہے ہیں۔ میں نے کچھ عرصہ پہلے اس ایشو پر ایک کالم لکھا تھا جس میں تجویز پیش کی تھی کہ پنجاب کو تین اور باقی صوبوں کو دو دو صوبوں میں تقسیم کیا جائے۔ جنرل صاحب نے لوکل باڈیز کے انتخابات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ جسٹس مجاہد نے ججوں کی تقرری کے طریق کار میں تبدیلی سے اتفاق کیا۔ ڈالر کے موجودہ بحران کے لئے انہوں نے تجویز کیا کہ اگر ڈالر اکاؤنٹ کھولنے میں آسانی پیدا کی جائے اور غیر ملکوں میں مقیم پاکستانیوں سے اپیل کی جائے تو اس سے مسئلے کے حل میں مدد مل سکتی ہے۔

چیمہ صاحب نے مجھے دعوت دی تو وقت کی کمی کی وجہ سے میں نے جنرل لودھی کے ایک پوائنٹ پر اظہار خیال کیا۔ میں نے کہا کہ آرمی سے جنرل لودھی جیسے سینئر اور حقیقت پسند لوگوں کے علاوہ آرمی نے ایک ادارے کی حیثیت سے اپنی غلطیوں کا پبلک میں اعتراف کیا ہے اور قوم کو یقین دلایا ہے کہ وہ آئندہ سیاسی عمل میں مداخلت سے اجتناب کریں گے لہٰذا اب یہ سیاستدانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے مسائل کا پشتارہ آرمی اور سپریم کورٹ کی گود میں نہ ڈالیں بلکہ اپنے مسئلے خود حل کریں۔ ظاہر ہے اس کے لئے انہیں اختلافات کے باوجود مل کر بیٹھنا ہوگا۔ یہ اُن کی قیادت کی صلاحیتوں اور قومی مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی کا امتحان ہے۔

اجلاس میں طے کیا گیا کہ صاحب الرائے لوگوں کا ایک وفد بنایا جائے جو موجودہ بحران کے سٹیک ہولڈرز سے ملاقات کرے اور اُن پر زور دے کہ سب طبقے اپنا مخلصانہ کردار ادا کریں تاکہ موجودہ افسوسناک صورتحال پر قابو پایا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

خواتین کو عالمی دن منانے کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

محمد معاذ قریشی

گزشتہ روز دنیا بھر میں خواتین کا عالمی دن منایا گیا جس کا مقصد معاشرے کی تعمیر و ترقی میں خواتین کے کردار اور ان کی خدمات کا اعتراف ہے، کسی بھی سماج کی تشکیل میں خواتین کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ خواتین کی شیئرنگ کے بغیر کوئی متوازن انسانی معاشرہ تشکیل نہیں پا سکتا، اس سے بھی زیادہ مناسب الفاظ یہ ہیں کہ خواتین اگر اپنے معاشرتی کردار کو ترک کر دیں تو معاشرے کی ترویج 'ترقی' فروغ اور ارتقا کا عمل بھی رک جائے گا۔ ہم جس ملک اور معاشرے میں رہتے ہیں وہاں معیشت کا پہیہ بھی خواتین کی شرکت کے بنا نہیں چل سکتا۔

سوال یہ ہے کہ اگر معاشرے میں خواتین کا کردار اتنی زیادہ اہمیت و افادیت کا حامل ہے کہ اس کے بغیر سماج جامد و ساکت ہو جائے تو پھر خواتین کو اپنے حقوق کے لئے آواز اٹھانے اور خواتین کا عالمی یوم منانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ اس سے زیادہ اہمیت کا حامل سوال یہ ہے کہ چلیں اپنے حقوق کے لئے آواز بلند کرنا تو خواتین کا حق ہے کہ کسی بھی انسانی معاشرے کے کچھ حصے خواتین کو ان کے حقوق دینے کے لئے تیار نہیں ہیں، لیکن عالمی دن کے موقع پر کچھ لایعنی اور بے مقصد نعرے بلند کرنے کی آخر ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ اور اگر مغربی دنیا کی عورت کو یہ ضرورت محسوس ہوئی بھی تو مسلم ممالک سے تعلق رکھنے والی خواتین نے یہ راہ کیوں اپنائی؟

یہ صرف ہمارا مذہب اسلام ہے جس میں عورت کے حقوق مقرر کئے گئے۔ ظہور اسلام نے ان تمام قبیح رسوم کا قلع قمع کر دیا جو عورت کے انسانی وقار کے منافی تھیں اور عورت کو وہ حقوق عطا کیے جس سے وہ معاشرے میں اسی عزت و تکریم کی مستحق قرار پائی جس کے مستحق مرد ہیں۔ کیا یہ چھوٹی بات ہے کہ بیٹی کو اس کی پیدائش کے بعد زندہ زمین میں گاڑے جانے کے عمل کا خاتمہ کر دیا گیا اور ہمارا مذہب عورت کے لئے تربیت اور نفقہ کے حق کا ضامن بنا کہ اسے روٹی، کپڑا، مکان، تعلیم اور علاج کی سہولت خاندان کے سربراہ کی طرف سے ملے گی؟ پھر یہ ہمارا دین ہی ہے جس میں خواتین کی تعلیم و تربیت کو انتہائی اہم اور ضروری قرار دیا گیا ہے جتنا کہ مردوں کی تعلیم و تربیت کو۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے ارشاد فرمایا "علم حاصل کرنا ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے"۔ اور یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ علم کسی انسان چاہے وہ عورت ہو یا مرد کو کتنا شعور اور کتنی آگہی بخشتا ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل ایمان کی جنت ماں کے قدموں تلے قرار دے کر ماں کو معاشرے کا سب سے زیادہ مکرم و محترم مقام عطا کر دیا اور یہ واقعہ کس نے نہیں سن رکھا ہوگا جس کے راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا: ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا: یا رسول اللہ میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہاری والدہ، عرض کی کہ پھر کون ہے فرمایا کہ تمہاری والدہ، عرض کی کہ پھر کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری والدہ ہے، عرض کی کہ پھر کون ہے؟ فرمایا کہ تمہارا والد ہے۔ اور تو اور اسلام نے عورت کو باپ کی جائیداد میں حصے دار بنایا۔ کسی اور مذہب یا معاشرے میں ایسے اصول اور ایسی روایات ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملیں گی۔ جتنی آزادی ہمارے مذہب یا معاشرے نے عورت کو دی ہے وہ مثالی ہے۔

اس کے برعکس مغرب یا یورپ کی خواتین ہیں جنہیں وہ ساری آزادیاں تو حاصل ہیں جو وہ معاشرہ اپنی تمام آبادی کو فراہم کرتا ہے لیکن انہیں تحفظ فراہم نہیں کرتا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک طرف مغرب میں خاندانی نظام زوال بلکہ شکست و ریخت کا شکار ہے تو دوسری طرف عورت کو ایک شوپیس ایک دکھاوے کی چیز بنا دیا گیا ہے، اس کا اندازہ پروفیسر انیس احمد کی اس تحریر سے لگایا جا سکتا ہے جس میں وہ لکھتے ہیں "تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو جنسی مساوات کا مغربی نعرہ سرمایہ دارانہ نظام کی ایک منطقی ضرورت کے طور پر وجود میں آیا۔ مشینی دور میں کم مزدوری پر کام کرنے والی افرادی قوت کی ضرورت کو پورا کیے بغیر سرمایہ دارانہ نظام اپنے آپ کو برقرار نہیں رکھ سکتا تھا اس لیے خواتین کو گھر سے نکال کر کارخانے میں محنت کشی اختیار کرنے کو آزادی، حریت اور ترقی کا نام دے کر خواتین کو تجارتی کارکن بننے کی دعوت دی گئی۔ مسلم دنیا نے مغربی سامراج کی غلامی نہ صرف سیاسی طور پر قبول کی بلکہ علمی اور معاشرتی تصورات کو بھی مادی ترقی سے وابستہ کر کے یہ سمجھا کہ اگر اپنے آپ کو مادی طور پر مستحکم کرنا ہے تو مغرب کی اندھی نقالی کرنا ہوگی۔ اس میں عربی بولنے والے ممالک ہوں یا ترکی بولنے والے یا اردو بولنے والے سب نے یکساں رویہ اختیار کیا"۔ وہ مزید لکھتے ہیں: آج جن نتائج کا سامنا یورپ اور امریکہ کو کرنا پڑ رہا ہے اور جس طرح اس کا خاندانی اور اخلاقی نظام تباہ ہو چکا ہے وہ کسی بھی ہوش مند کے لئے یہ سمجھنے کے لئے کافی ہے کہ تنہا صنفی مساوات مسئلہ کا حل نہیں ہے بلکہ ہر جنس کی ضروریات، فطرت اور کردار کے لحاظ سے اس کی تربیت و تعلیم ہے جو اسلام کے نظام زندگی نے بہترین اصولوں کی شکل میں ہمیں فراہم کی ہے۔

اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنا سماجی بیانیہ بھی تبدیل کریں اور خواتین کے وجود سے انکار کے بجائے ان کے وجود کو تسلیم کریں اور معاشرتی ترقی میں ان کے کردار کو تسلیم کیا جائے۔ ہمارے معاشرے میں خواتین کے حقوق موجود ہیں البتہ ان پر عمل درآمد کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ مغربی معاشرے کی خواتین ہیں جن کو خواتین کا عالمی دن منانا چاہئے ہمارے ہاں تو ہر دن خواتین کا عالمی دن ہوتا ہے کیونکہ ان کے بغیر نہ گھر میں کھانا بن سکتا ہے' نہ صفائی ہو سکتی' نہ کپڑے دھل سکتے ہیں اور نہ بچوں کی اچھی تربیت ہی ممکن ہے۔

عمران خان، پھر نمبرون؟

محسن گواریہ

حکمران اتحاد میں عام انتخابات، مہنگائی، مشترکہ پلیٹ فارم سے انتخابات میں حصہ لینا، نشستوں کی تقسیم کے حوالے سے کچھ بھی ٹھیک نظر نہیں آ رہا، پیپلز پارٹی کے مدارالمہام آصف زرداری تو واشگاف الفاظ میں کہہ چکے کہ وہ پی ڈی ایم کا نہیں وفاقی حکومت کا حصہ ہیں، بلاول کو مردم شماری پر تحفظات ہیں، ن لیگ فوری الیکشن نہیں چاہتی، سپریم کورٹ کے حکم کے برعکس پنجاب اور کے پی کے میں الیکشن کرانے کا کوئی موڈ دکھائی نہیں دیتا، عام الیکشن کو بھی موخر کرنے کی خواہش کا برملا اظہار کیا جا چکا ہے، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی بروقت الیکشن کے حق میں ہیں، عام خیال تھا جوتیوں میں دال الیکشن شیڈول کے بعد بٹے گی جب مشترکہ امیدوار لانے کا موقع آئے گا ٹکٹوں کی تقسیم ہوگی، سامنے کا منظر یہ ہے کہ پنجاب پر ن لیگ، سندھ پر پیپلز پارٹی بلا شرکت غیرے غلبہ کی خواہشمند ہیں، جے یو آئی کے پی کے پر نظریں جمائے بیٹھی ہے، اندر کی بات مگر یہ ہے کہ پیپلز پارٹی سندھ کے علاوہ پنجاب میں بھی حصہ چاہتی ہے مرکز میں بھی واضح نمائندگی کا مطالبہ ہے، ن لیگ مرکز اور پنجاب پر راضی ہے سندھ پیپلز پارٹی کو دینے کو تیار ہے، کے پی کے میں البتہ ن لیگ اور پی پی پی دونوں حصہ بقدر جثہ کی طلبگار ہیں، بلوچ جماعتیں بلوچستان کی حکومت اور وفاق میں نمائندگی چاہتی ہیں، اے این پی پہلے سے ہی ناراض ہے وہ کے پی کے، بلوچستان اور وفاق میں شراکت پر مصر ہے، ایم کیو ایم سندھ اور مرکز میں وزارتوں پر نظریں جمائے بیٹھی ہے مگر ان سے زیادہ کراچی کی مقامی حکومت پر اس کی نگاہ ہے جس میں پیپلز پارٹی کے علاوہ اب جماعت اسلامی بھی رکاوٹ ہے۔

اس صورتحال میں مہنگائی کے جن کا بے قابو ہونا، غربت میں اضافہ، بیروزگاری، معاشی بحران وفاقی حکومت کیلئے چیلنج ہیں، یہ وہ مسائل ہیں جن کو چٹکی بجا کر حل نہیں کیا جا سکتا، اس کیلئے وقت، وسائل، قومی اتحاد کی اشد ضرورت ہے مگر حکومتی اتحاد کی ہنڈیا بیچ چوراہے، راجن پور کے ضمنی الیکشن میں پھوٹ گئی جب قومی اسمبلی کی خالی نشست پر ضمنی الیکشن کیلئے پی ڈی ایم مشترکہ امیدوار نہ لا سکی، پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے امیدواروں کو پڑنے والے ووٹوں سے 15 ہزار ووٹ زیادہ لیکر تحریک انصاف کے امیدوار نے کامیابی حاصل کی تحریک انصاف کی خالی نشستوں پر الیکشن کا ن لیگ نے بائیکاٹ کرنے کا اعلان کیا، پیپلز پارٹی نے حصہ لینے کا عزم ظاہر کیا، وزیراعظم اتحادی جماعتوں کی قیادت کو فون کر کے الیکشن میں حصہ نہ لینے کا کہتے رہے مگر ایم کیو ایم شہری سندھ کا ڈومین کسی دوسری جماعت کے حوالے کرنے پر آمادہ نہ تھی وہ تو تحریک انصاف کی درخواست پر ان کے ارکان کے استعفوں کے نوٹیفکیشن کو اعلیٰ عدلیہ نے منسوخ کر دیا جس سے حکومتی اتحاد رسوائی سے بچ گیا۔

دوسری طرف سابق وزیراعظم عمران خان فوری الیکشن کیلئے دباؤ ڈال رہے ہیں حالات بتا رہے ہیں کہ وزیراعظم شہباز شریف تادیر یہ دباؤ برداشت نہ کر سکیں گے، وہ جانتے ہیں کہ اگر کوئی بھی اتحادی جماعت الگ ہوئی تو ان کے اور حکومت کیلئے مشکلات بڑھ جائیں گی،

جب کہ بلوچستان عوامی پارٹی (باپ) کے ساتھ بھی سب ٹھیک نہیں ہے۔ مسلم لیگ ن کے اندر بھی معاملات تسلی بخش نہیں، مفتاح اسمٰعیل کا لب و لہجہ وزارت خزانہ سے ہٹائے جانے کے بعد تبدیل ہو چکا ہے اور وہ اپنی ہی حکومت کے ناقد بن کر سامنے آئے ہیں، شاہد خاقان عباسی نالاں ہیں، پارٹی میں نواز اور شہباز حامی واضح ہیں، مگر نواز شریف اپنی سزا کی مستقل معطلی کے بغیر واپس آنے پر آمادہ نہیں اس لئے انہوں نے مریم کو اپنا جانشین بنا کر بھجوا دیا، پارٹی کی سینئر قیادت مریم کی قیادت کو تسلیم کرنے پر تیار نہیں۔

ملک مجموعی طور پر اس وقت سنگین نوعیت کے بحرانوں کی زد میں ہے۔

ان بحرانوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے جس سنجیدگی دردمندی اور معاملہ فہمی کی ضرورت ہے وہ حکومتی صفوں میں دکھائی نہیں دے رہی، سب مانتے ہیں کہ اس کیلئے شفاف انتخابات ضروری ہیں، نئی حکومت بھاری عوامی مینڈیٹ لیکر آئے اور مشکل فیصلوں کیساتھ سسکتے بلکتے عوام کو ریلیف بھی دے، مگر عام انتخابات کی کیا بات کی جائے حکومت تو دو صوبوں میں الیکشن کرانے سے خوفزدہ ہے، خوف شکست کا ہے جو دیوار پر لکھی ہے، اس کے باوجود کہ الیکشن کمیشن کھل کر پی ڈی ایم کی حمایت کر رہا ہے مگر ن لیگ کو انتخابی میدان میں اترنے میں تامل ہے، نظام نیوٹرل رہنے کے دعوے پر قائم اسٹیبلشمنٹ کی در پردہ پی ڈی ایم کی اتحادی حکومت کو حمایت حاصل ہے مگر عوام کا عمران خان کے ساتھ ہونا اب کوئی خفیہ راز نہیں، ضمنی الیکشن کے نتائج اس کی تائید کرتے ہیں کہ عمران خان کا سحر پوری طرح عوام کو اپنی گرفت میں لئے ہوئے ہے، الیکشن آج ہوں 2023 میں یا مزید تاخیر کی جائے مگر انتخابی میدان میں عمران خان کی کامیابی کو روکنا اتحادیوں کے بس میں نہیں۔ پے در پے مقدمات کے اندراج، بار بار گرفتار کرنے کی ناکام کوشش، اتحادیوں کی جانب سے الزام تراشی اور پراپیگنڈہ کے باوجود عمران خان کی مقبولیت میں کمی کے بجائے اضافہ ہو رہا ہے، رائے عامہ کے ایک تازہ ترین سروے کے مطابق وہ مقبولیت میں اب بھی ایک نمبر لیڈر ہیں، میاں نواز شریف اور بلاول بھٹو ایک جیسی مقبولیت کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں، مریم نواز البتہ عوام کے دلوں میں گھر کرتی نظر آ رہی ہیں۔

عام انتخابات کے تناظر میں قومی سیاست کا جائزہ لیا جائے تو سیاست واضح دو دھڑوں میں تقسیم دکھائی دیتی ہے ایک طرف حکومتی اتحاد ہے جس میں 14 کے قریب جماعتیں شامل ہیں دوسری جانب تنہا عمران خان ہیں، حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں کی دیرینہ دشمنی ابھی قصہ ماضی نہیں ہوئی بلکہ کبھی کبھی سر اٹھا لیتی ہے جس سے بعض اوقات تو اتحاد کے تسبیح کے دانوں کی طرح بکھرنے کا گمان ہوتا ہے، کہتے ہیں سندھ اب بھی پیپلز پارٹی کا ہے مگر پارٹی قیادت اب اس زعم میں مبتلا نہیں اور اسے سندھ میں بھی مضبوط الیکٹ ایبلز کی تلاش ہے، سندھ کی حد تک پیپلز پارٹی مخالف جماعتیں اگر ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو گئیں تو الیکشن جیتنا پیپلز پارٹی کیلئے آسان نہیں ہوگا، بلاول بھٹو پنجاب میں قومی اور صوبائی کو دو ووٹوں کے تناسب سے چاہتے ہیں مگر ن لیگ ان کو اکاموڈیٹ کرنے کو تیار نہیں، پیپلز پارٹی پنجاب میں مضبوط امیدواروں کی تلاش میں ہے اور انتخابی شیڈول کا اعلان ہوتے ہی اس کی فرمائشوں کی فہرست سامنے آئے گی۔

جس کے بعد حکومتی اتحاد کا قائم رہنا شائد صرف عمران خان کو اقتدار سے دور رکھنے کیلئے باقی رہے تو رہے ورنہ ان میں ملکی مسائل حل کرنے کیلئے اتحاد و یکجہتی کا فقدان ہی رہے گا، یہ بات بھی خفیہ راز نہیں کہ حکومتی اتحاد بھی عمران خان کے خوف کا ہی نتیجہ ہے، الیکشن سے فرار بھی اسی سوچ کے باعث ہے مگر الیکشن سے فرار اس لئے ممکن نہیں کہ یہ آئینی تقاضا ہے اور ملک کی اعلیٰ عدلیہ آئین کو پامال کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔

گھٹیا الزامات کے ساتھ پُرتشدد انتخابی مہم کا آغاز

میاں اشفاق انجم

سپریم کورٹ کے واضح احکامات کے بعد صدر پاکستان نے 30 اپریل کو پنجاب میں انتخاب کرانے کا اعلان کیا تھا۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب کے لئے الیکشن شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں تاخیری حربے جاری ہیں۔ سنجیدہ حلقے ابھی بھی وفاق اور صوبوں میں ایک ساتھ الیکشن کرانے کے لئے کوشاں ہیں۔ وفاق اور صوبوں میں علیحدہ علیحدہ انتخابات کی صورت میں یقیناً قومی یک جہتی کو نقصان ہوگا صوبائیت کا پرچار کرنے والی قوتوں کو سازشوں کا موقع ملے گا۔ آرمی چیف کی تاجروں سے طویل نشست کے بعد تاجر برادری پُر امید ہے کہ ملکی معیشت بہتر ہو جائے گی۔ آرمی چیف کی طرف سے دوٹوک انداز میں سیاسی مداخلت نہ کرنے اور سیاستدانوں کو مل بیٹھ کر مسائل حل کرنے کی تلقین قابل ستائش ہے۔ افسوس ایسا نہیں ہو سکے گا سیاستدان ملکی مفاد اور عوامی مفاد دونوں سے کنارہ کشی کر چکے ہیں سیاستدانوں کے طرز عمل کی وجہ سے عوام کی حالت زار قابل رحم ہو چکی ہے۔ آئین کو مذاق بنا دیا گیا ہے عدلیہ اور فوج کے خلاف موقع ملتے پر الزام تراشی سے اجتناب نہیں کیا جا رہا ضد اور انا سیاستدانوں کی پہچان بن چکی ہے۔ مقتدر حلقوں کا سیاست سے لاتعلقی کا اعلان خوش آئند قرار دینے والے سیاستدان بھی سوشل میڈیا پر زبان درازی سے باز نہیں آ رہے انتخابات کے اعلان کے باوجود الیکشن ہوتے نظر نہیں آتے۔ شکوک بڑھ رہے ہیں بداعتمادی گھر بنا رہی ہے۔ الیکشن شیڈول کے اعلان کے دن تحریک انصاف کی طرف سے ریلی کو دفعہ 144 کو جواز بنا کر روکنا ہرگز جمہوری عمل نہیں ہے۔ زمان پارک میں جو جنگ و جدل ہوا کارکن کی ہلاکت، سینکڑوں گرفتاریوں اور کروڑوں کی گاڑیوں کے شیشے توڑنے اور آنسو گیس اور واٹر کین کا استعمال جمہوری عمل نہیں ہے۔ نگران حکومت پر سوال اٹھیں گے مار کٹائی، لاٹھی چارج کی کوریج روکنا، نیک نامی میں اضافے کا باعث نہیں بن رہا۔ الیکٹرونک میڈیا پر پابندی کا ردعمل سوشل میڈیا کے ذریعے اور پُرتشدد ہو رہا ہے۔ سیاستدانوں کی زبان جمہوری نہیں ہے نہ ہی اخلاقی قدروں کے مطابق۔

حامد میر صاحب کو وزیر داخلہ انٹرویو دیتے ہوئے فرما رہے تھے کہ عمران خان نے سیاست کو اس نہج پر پہنچا دیا ہے ہم سیاسی دشمن نہیں رہے ذاتی دشمن بن چکے ہیں میں نے یہ خبر اخبار میں پڑھی تو مجھے یقین نہیں آیا۔ وزیر داخلہ یہ بات کہہ سکتا ہے تصدیق کے لئے مجھے دوبارہ حامد میر صاحب کا کیپٹل ٹاک دیکھنا پڑا ساتھ ہی وہ فرما رہے تھے بوریاں بھر کر ڈالر افغانستان جا رہے ہیں، بدبخت عمرانی ٹولہ گرفتاری نہیں دے گا تو ہم پکڑ کر مچھ جیل کی فلاں وارڈ میں رکھیں گے۔ مریم نواز ترازو کے پلڑے برابر کرنے کے ساتھ عمران خان کو نشئی، نااہل، بدکردار، ڈرپوک انسان قرار دینا اور مریم اورنگزیب کا ہر پریس کانفرنس آغاز انتہائی گھٹیا اور بیہودہ الفاظ سے کرنا معمول بن گیا ہے۔ آصف علی زرداری بھی (ن) لیگ کی قیادت سے پیچھے نہیں رہے انہوں نے وہاڑی میں عمران خان کو مخاطب ہی پاگل خان قرار دے کر کیا۔ الیکشن کے واضح اعلان نہ ہونے کے باوجود (ن) لیگ، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف متوقع انتخابات کی تیاریوں کے لئے اپنی اپنی انتخابی مہم کا آغاز کر چکے ہیں۔ دلچسپ امر یہ ہے عمران خان پر حملہ اور ٹوٹی ہوئی ٹانگ کا پلستر جعلی قرار دینے کے ساتھ ساتھ چارپائی کے پیچھے چھپنے دیوار پھلانگ کر دوسرے گھر جانے جیسے الزامات کے باوجود 78 مقدمات ان پر قائم ہو چکے ہیں۔ سابق جرنیلوں کا کورٹ مارشل کا مطالبہ نیا پنڈورا باکس کھولے گا۔

پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن بھی الزامات میں پیچھے نہیں رہے ان کی گھن گرج بھی جاری ہے اکانومی سے وابستہ طبقہ پاکستان کے موجودہ حالات کو مشکل ترین حالات قرار دے رہا ہے۔ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط، امریکن میم کی آمد، اسرائیل کے تاجروں کی اسحاق ڈار سے ملاقاتیں اور ایٹمی پروگرام رول بیک کرنے کی زیر گردش خبروں کی حکومت اور وزیر خزانہ کی طرف سے واضح موقف نہ آنے سے عوام میں بے چینی کی لہر ہے۔

پی ڈی ایم کی 11 جماعتوں کا عمران خان سے نجات ملے ایک سال گزرنے کے باوجود ہر ناکامی اور مہنگائی کا ذمہ دار عمران خان کو قرار دینا عوام میں مزید اضطراب کا باعث بن رہا ہے۔ پاکستان کی سیاست محبت، اخوت، بھائی چارے سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ عوام کو ریلیف دینے کے لئے کوئی جماعت پلان دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔ ہر ماہ ہزاروں نوجوان ملک چھوڑ رہے ہیں۔ غریب تو غریب متوسط طبقہ سفید پوشی کا بھرم کھو چکا ہے۔ یوٹیلٹی بل نے بڑے بڑے خاندانوں کا بجٹ متاثر کر دیا ہے۔ تنخواہ دار طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہے۔ پہلی دفعہ دیکھنے کو آ رہا ہے انتخابی مہم عوام کے دکھ (جاری ہے)

REQUEST FOR PROPOSALS

TSE-222303265864 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required.

Request for Proposal for selection of Consultancy service invited on Electronic Public Procurement System (EPPS) from well reputed national/International firms (JV) / service provider meeting with eligibility criteria, viz having registration with FBR for Income Tax and BRA and who are on Active Taxpayers List (ATL), and are not black listed in any procuring agancyv or authority for prepration of Hiring of "Consultancy Services from Consulting Firms" Titled as DEVELOPMENT OF MASTER PLANS FOR DERA ALLAH YAR. Bid Security 2% Detail as under:

S.No.	Description	E/Cost
1	DEVELOPMENT OF MASTER PLANS FOR DERA ALLAH YAR	15,360,000/-

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity. Turn over of at least 10,000,000 PKR Amount in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List. BRA Registration Certificate. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The **FINANCIAL PROPOSALS** shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The Selection of Consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the 'Date Sheet' of this "Request for Proposal" document. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website (www.bppra.gob.pk). **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 30 March, 2023 till 12:00 PM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** Online Bid **Phone no:** 3337871887
Email: xenupnddnbatdmj78@gmail.com

PRQ No.2861/09-03-2023

EXECUTIVE ENGINEER
URBAN PLANNING & DEVELOPMENT
NASEERABAD DIVISION AT D.M JAMALI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

میں ہماری کوششوں سے صوبے کو 25 فیصد رائلٹی مل رہی ہے جو کہ سالانہ اس کی آمدنی ڈھائی سے تین ارب روپے بنتی ہے، سینڈک پروجیکٹ میں بھی ہماری جدوجہد سے رائلٹی کا شیئر بڑھا دیا گیا ہے میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ منرلز کے شیئرز کا ہمیں تین ارب روپے کا پہلا چیک بھی مل گیا ہے وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بلوچستان حکومت کو معاشی مشکلات پیش نہیں آئیں گے ان کا کہنا تھا کہ پورٹ کو بجلی کی اور روڈ انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے بھی تیزی سے کام جاری ہے ایک سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ گوادر میں جتنے بھی منصوبے شروع کئے گئے ہیں وہ عوامی منصوبے ہیں جو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے ہیں انہوں نے اس تاثر کو غلط قرار دیا ہے کہ جام کمال کے دور حکومت میں شروع کئے گئے پروجیکٹس انہوں نے بند کرائے ہیں عبدالقدوس بزنجو کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ پیسے عوام کے ہیں میرے، جام کمال کا کسی دوسرے وزیراعلیٰ کے ذاتی پیسے نہیں ہیں لہذا یہ تاثر غلط ہے کہ میں نے جام کمال کے شروع کرائے گئے منصوبوں کو بند کروایا ہے البتہ ماضی میں جو بڑے بڑے منصوبے شروع کئے گئے تھے وہ فنڈ نہ ہونے کی وجہ سے کچھ حد تک متاثر ضرور ہوئے ہیں وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ ہمارے صوبے کا بجٹ سالانہ 15 سو ارب روپے کے خسارے پر چل رہا ہے لیکن ہم نے گوادر کے ماہیگیروں کیلئے کالونی، بوٹس انجنز اور ہیلتھ کارڈ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ماہیگیروں کو لیبر کارڈ کا درجہ بھی دلوایا ہے جو کہ ان کا دیرینہ مطالبہ تھا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا مزید کہنا تھا کہ گوادر کے شہریوں کی سہولت کیلئے ہم نے ایران سے مزید ایک سو میگاواٹ بجلی کا بھی بندوبست کرلیا ہے اس موقع پر وزیرداخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی میر حمل کلمتی بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 2

اجلاس میں وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی، ترکیہ میں پاکستان کے سفیر اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین این ڈی ایم اے جنرل انعام حیدر ملک، وفاقی وزیر خزانہ، وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اور ترکی میں پاکستان کے سفیر نے بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں ماہ 23 مارچ تک ترکیہ اور شام 34 پروازیں امدادی سامان لے کر جائیں گی، ان پروازوں میں 50 ہزار سردی سے بچاؤ کے خیمے، 38 ہزار کمبل ترکیہ اور 22 ہزار کمبل اور 10 ہزار راشن کے پیکٹ شام بھیجے جائیں گے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ آج دو مال بردار طیارے 220 ٹن امدادی سامان لے کر ترکیہ کیلئے روانہ ہوں گے، اسکے علاوہ آج (ہفتہ) ترکیہ اور شام کے زلزلہ متاثرین کے لئے پاکستان نیوی کا دوسرا بحری جہاز سامان لے کر روانہ ہوگا۔ وزیراعظم نے ترکیہ اور شام کیلئے امدادی سامان کی معینہ مدت میں روانگی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ خیموں کے معیار کو یقینی بنانے کیلئے ترکیہ بھیجنے سے پہلے رینڈم چیکنگ کی جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ وزارت خزانہ نے معاشی مسائل کے باوجود امدادی سامان کی پیداوار اور ترسیل کے لیے درکار وسائل مہیا کیے جو قابل تحسین امر ہے، این ڈی ایم اے، وزیرخزانہ، وزیر منصوبہ بندی، وزارت خارجہ، وزارت اطلاعات و نشریات، اور ترکیہ اور شام میں تعینات سفرا کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو زلزلہ زدگان کی مدد کیلئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں، پاکستان میں مخیر حضرات زلزلہ متاثرین کیلئے دل کھول کر عطیات جمع کرارہے ہیں۔

شال بقیہ 3

پنجاب کی صدر ڈاکٹر یاسمین راشد کے ہمراہ ویڈیو لنک کے ذریعے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر یاسمین راشد نے بدھ کے روز شہید ہونے والے پی ٹی آئی کے کارکن ظل شاہ کی پوسٹمارٹم کی رپورٹ کے حوالے سے تفصیل سے آگاہ کیا۔ عمران خان نے کہا کہ ظل شاہ ایک سپیشل چائلڈ تھا لیکن اس طرح کے انسان پر بھی بدترین تشدد کیا، ہم آج کہاں پہنچ گئے ہیں ہم کس سطح تک گر چکے ہیں، اس طرح کیا اللہ کی برکت آسکتی ہے، جب اس طرح کا ظلم ہوتا ہے اور قوم ظلم کو سہہ جاتی ہے تو وہ معاشرہ جانوروں کا معاشرہ بن جاتا ہے۔ حضرت علی کا قول ہے کہ کفر کا نظام چل سکتا ہے لیکن ناانصافی کا نظام نہیں چل سکتا، اگر قوم اپنی آواز بلند نہیں کرے گی تو ہم ایسے ہی بھٹکتے رہیں گے۔ کمزور ترین جہاد یہ ہے کہ برائی اور ظلم کو زبان سے برا کہا جائے ورنہ اللہ ایسی قوم کو جینے کا حق نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے کیا ہورہا ہے، یہ تباہی کا راستہ ہے۔ اس طرح کا تشدد دہشتگردوں اور غداروں سے ہوتا ہوگا لیکن میں نے بے ضرر شخص پر اس طرح کا ظلم اپنی زندگی میں نہیں دیکھا، ظل شاہ سپیشل چائلڈ تھا اس نے زندگی میں کبھی کسی سے لڑائی تک نہیں کی، اس سے یہ تشدد کیا گیا، اس کے پرائیویٹ پارٹس پر تشدد کیا۔

شال بقیہ 4

جبکہ سرچارج رواں سال 8 ماہ میں وصول کیا جائیگا۔ نیپرا کے مطابق 200 یونٹ استعمال کرنیوالے پروٹیکٹو صارفین سے 8 ماہ میں 89 پیسہ سے 2 روپے فی یونٹ اضافی وصول کیے جائیں گے، دو سو یونٹ تک استعمال کرنیوالے نان پروٹیکٹو صارفین سے 79 پیسہ تا دو روپے 75 پیسے فی یونٹ اضافی وصول کئے جائیں گے۔ اسی طرح 300 یونٹ استعمال کرنیوالے صارفین سے بھی 79 پیسہ سے دو روپے 75 پیسے فی یونٹ اضافی وصول کئے جائینگے، کسانوں سے 8 ماہ میں 50 پیسہ سے 3 روپے فی یونٹ تک اضافی وصول کئے جائیں گے۔ دریں اثنا کے الیکٹرک صارفین کیلئے 13 روپے 87 پیسے فی یونٹ تک اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 5

لیکر انہیں بند کریں گی، مقدمات متعلقہ تفتیشی اداروں میں منتقل کرنے کیلئے ترامیم کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 50 کروڑ سے کم، اختیارات کے ناجائز استعمال والی انکوائریز اب متعلقہ فورم پر جائیں گی، چیئرمین نیب تحقیقات از خود بند نہیں کر سکتے عدالت کے ذریعے ہی تفتیش بند ہوسکتی ہے، احتساب عدالت اب فیصلہ کرے گی کہ مقدمہ بند ہونا ہے یا دوسری عدالت میں جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین نیب کی عدم موجودگی میں ڈپٹی چیئرمین کو بطور قائم مقام تمام اختیارات تفویض کیے گئے ہیں، پہلے ڈپٹی چیئرمین بطور قائم مقام تمام اختیارات استعمال نہیں کر سکتے تھے، پراسیکیوٹر جنرل کے کہنے پر وزیراعظم نے ترامیم کا ٹاسک دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ نیب چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کیلئے گریڈ 21 کا سول سرونٹ، ریٹائرڈ میجر جنرل یا جج ہونے کی اہلیت رکھی گئی ہے، ایسی پابندی نہیں لگائی جاسکتی کہ ریٹائرمنٹ کے بعد کوئی افسر نئی نوکری نہ کرسکے۔ وزیر قانون نے بتایا کہ جسٹس فائز عیسیٰ کیخلاف قابل اصلاح نظرثانی واپس لینے میں قانونی نکات حائل ہیں، قابل اصلاح نظرثانی آئندہ کچھ دنوں میں واپس لے لی جائیں گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جنرل (ر) فیض حمید کے کورٹ مارشل کے حوالے سے قانون پڑھے بغیر کوئی بیان نہیں دینا چاہتا، جنرل فیض حمید کیخلاف کسی ادارے کو خط لکھنے کے حوالے سے علم نہیں، دیکھنا ہوگا ادارے کے باہر سے کوئی شکایت کرسکتا ہے یا نہیں، اگر کسی نے اپنے حلف کی پاسداری نہیں کی اور اختیارات سے تجاوز کیا اسے نشان عبرت بنانا چاہیے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ توشہ خانہ پر کمیٹی بنی تھی سال 2000 سے آج تک کا ریکارڈ مکمل موجود ہے، سال 2000 سے پہلے کا ریکارڈ ایک جگہ موجود نہیں تھا، کئی اداروں کو توشہ خانہ کے تحائف ملتے ہیں جس کا کوئی نہیں پوچھتا، کابینہ ڈویژن کے پاس سول اداروں اور حکومتوں کا ریکارڈ موجود ہے، تمام حکومتوں کا ریکارڈ پبلک کیا جائے گا شاید کچھ وقت لگ جائے کیونکہ ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ نہیں ہے۔ وزیر قانون نے کہا کہ ترازو کے پلڑے برابر نظر نہ آنے کی وجوہات ہیں، یہ میں نہیں اس وقت کے حاضر سروس ججز نے بھی کہا تھا چار پانچ نام ایسے ہیں جن کا تذکرہ عدالت میں ہوتے ہوئے اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ہوتا ہے، عدلیہ کو خود اس معاملے کو دیکھنا ہوگا، عدلیہ خود اپنی صفوں کو درست کرے اور خود احتسابی کا عمل شروع کرے، مجھ میں ہمت نہیں ہے کہ نام لوں، آج عدالت میں پندرہ معزز ججز بیٹھے ہیں ادارے سے سوال ہے کہ اپنی صفوں میں دیکھیں کہ دو تین ججز پر ہی تنقید کیوں ہوتی ہے، باقی پر نہیں ہوتی؟

شال بقیہ 6

قمبرانی، مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی محمد اکبر بلوچ سابق ضلعی صدر نثار احمد بلوچ ضلعی زکوٰۃ چیئرمین واجہ بشیر احمد ظفر بختیار، محمد جان بلوچ، راشد لطیف، عبدالوحید ملازئی اور پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج پنجگور پروفیسر ڈاکٹر جاوید احمد اور دیگر انکے ہمراہ تھے میر اسداللہ بلوچ نے کالجز کے دورے کے موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ میں جس مقام پر آج یہ کالج بنا ہے یہ ایک عام پبلک مقام تھا جس کی ملکیت پر ہر روز جھگڑے ہوتے تھے مگر میں نے اسے ایک کارآمد ادارہ بنا کر روشنی پھیلانے کا ذریعہ بنا دیا ہے انہوں نے کہا کہ علم خدا سے قربت کا ذریعہ ہے اور یہ سماجی رشتوں کو بھی مضبوط بناتا ہے ناخواندگی کے خلاف جہاد ضروری ہے بحیثیت ایک قوم کے ہم اس وقت زندہ رہ سکتے ہیں جب ہم تعلیم حاصل کرینگے انہوں نے کہا کہ بلوچ وسائل پر بالادست کا قبضہ ہے ہمیں ان سے جو بھیک ملتا ہے ہم پر لازم ہے کہ وہ عوام کی خوشحالی کے لیے صحیح معنوں میں خرچ کریں انہوں نے کہا کہ انسان اشرف المخلوقات اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ اچھے برے کا ادراک رکھتا ہے بلوچستان کی اپنی ایک تاریخ ہے اور موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا لازمی ہے اور اس کے لیے ہمیں باعمل ہونے کے ساتھ باعلم ہونا ہے انہوں نے کہا کہ میری سوچ اور سیاست کا محور پوری بلوچ قوم ہے جب بھی مجھے موقع ملا تو بلوچ ہسٹری کو زندہ رکھنے کے لیے تاریخی شخصیات اور مقامات کے ناموں پر یادگار تعمیر کروائے انہوں نے کہا کہ قومی ہیروز کو فراموش کرنے والی قومیں فنا ہو جاتی ہیں ادیب دانشور اور پڑھا لکھا طبقہ معاشرتی چیلنج کا ذریعہ بنتا ہے جاکر آج ترقی کر چکا ہے وہ کسی ڈرگ ڈیلر اسمگلر قاتل اور چوروں کی وجہ سے نہیں کیا ہے ایک ویژنری سوچ اور جدید سائنسی اور ٹیکنیکل ایجوکیشن اسکے پیچھے کارفرما ہیں۔

شال بقیہ 7

کی جائے تو ہزاروں سکول نان فنکشنل ہیں اور ہزاروں پرائمری سکولز میں صرف ایک استاد فرائض انجام دے رہا ہے اساتذہ کی کمی کی وجہ سے تعلیم کا معیار بلوچستان میں اس طرح نہیں ہے جس طرح ایس ڈی جیز طے کیے گئے ہیں کیونکہ وسائل، وسیع و عریض پر پھیلا جغرافیہ، حالات سمیت کئی ایک او دیگر مسائل بھی ہیں مگر اساتذہ کی کمی سب سے بڑی وجہ ہے اس کمی کو پورا کرنے کیلئے حکومت بلوچستان نے پہلی مرتبہ یونین کونسل لیول پر بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا اسکی سب سے بڑی وجہ اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے سمیت ہر لیول پر اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے اور تعلیم کو ہر بچے کی دہلیز تک پہنچانا ہے پورے بلوچستان میں جہاں جہاں اساتذہ کی کمی تھی اس کو پورا کر رہے ہیں کابینہ کا یہ مشترکہ فیصلہ ہے کہ جلد از جلد ہر سکول کو فنکشنل بنانا ہے اور ہر حال میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنا ہے جہاں ایک طرف اساتذہ کی کمی پوری ہوگی وہی دوسری طرف ہزاروں بروزگار نوجوان روزگار والے ہوں گے اور انکے گھر کا چولہا بھی جلتا رہیگا۔

شال بقیہ 8

کھرل، احمد جواد فاروق رانا، میاں ایوب، فیصل میر، نایاب جان، عائشہ چوہدری بھی موجود تھے۔ سینٹر رضا ربانی نے کہا کہ وفاق کو 73 کا آئین ہی متحد رکھ سکتا ہے، پاکستان کسی نئے تجربے کا متحمل نہیں ہوسکتا، 73 کے علاوہ کوئی اور راستہ اپنانے کے وفاق پر منفی اثرات مرتب ہونگے لہذا ہر ادارہ آئین کے مطابق اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ دستور پاکستان کی گولڈن جوبلی تقریبات سال بھر منائی جائیں گی، پہلا پروگرام اسلام آباد دوسرا کراچی میں ہوا اور تیسرا 25 مارچ کو الحمرا ہال لاہور میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ بہتر یہ ہوگا کہ ملک بھر میں الیکشن ایک تاریخ پر ہوں۔ پیپلز پارٹی نے کبھی بھی الیکشن سے فرار حاصل نہیں کیا، جب بھی الیکشن ہوئے اس میں بھرپور حصہ لیں گے، امیدواروں سے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اسمبلیوں کو تحلیل کر دیا گیا، صورتحال عجیب ہو چکی ہے، پنجاب اور کے پی کے الیکشن پرانی مردم شماری اور دیگر کے نئی مردم شماری پر ہونگے۔ سینٹر رضا ربانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے عمران کی گرفتاری کی مخالفت کی ہے۔ کسی پر کرپشن کے کیسز ہیں تو قانون کے مطابق گرفتاری ہونی چاہیے۔

شال بقیہ 9

میں ان کا کتنا حصہ ہے۔ اپنے ایک بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ عمران ٹرک پر کھڑے ہو کر حوالہ ہنڈی کی مارکیٹنگ کرتا رہا ہے۔ اور لوگوں کو اکساتا رہا ہے کہ رقم کی ترسیل حوالہ ہنڈی کے ذریعے کریں۔ شازیہ مری نے سوال کیا کہ شوکت خانم ٹرسٹ کے لئے رقم پی ٹی آئی کے نام پر چیک کی شکل میں وصول کرنا جرم نہیں تو کیا گناہ؟۔ انہوں نے کہا کہ امریکی عدالت ایک اور جرم میں عمران نیازی کی منتظر ہے۔ عمران نیازی جب وزیراعظم تھے تو سفارتی اسٹنٹی لے کر امریکہ گئے تھے۔ شازیہ مری نے کہا کہ عمران کب کا ملک چھوڑ کر بھاگ جاتا لیکن وہاں بھی جیل کا ڈر تھا۔

شال بقیہ 10

خود بول رہے ہیں بلکہ ایک دوسرے کا پتہ بھی دے رہے ہیں، اچھا بھلا نواز شریف کی قیادت میں ملک ترقی کر رہا تھا پھر کیا ہوا پانامہ بنچ کو مصیبت پڑ گئی اور نواز شریف کو وزیراعظم کے دفتر سے نکال باہر کیا گیا، پاکستان کی ترقی کا دشمن وہ پانامہ بنچ تھا، جس دن سے نواز شریف کو نکالا اس دن سے پاکستان سے پاکستان کی ترقی بھی نکل گئی، عمران خان کو لانے والے اور نواز شریف والے نکالنے والے تا ثاقب نثار آج تم عمران خان سے جا ہے صداقت اور امانت کا سرٹیفکیٹ واپس لو تمہیں بھی معاف نہیں کرے گی بلکہ منصب خدا کا ایک ایسے شخص کو نشر کرنے والے منشیات زدہ شخص کو قوم کے سروں پر مسلط کر دیا جس کا اکنامک ویژن انڈے کٹے مرغیاں اور بھنگ کی کاشت تھا، آج ایک ہی چیز نظر آتی ہے وہ ضمانت پارک سے بنی گالا تک بھنگ کے اثرات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب، مرکزی رہنما عابد شیر علی اور دیگر بھی موجود تھے۔ مریم نواز نے کہا کہ ملک کی ترقی میں فیصل آباد کا بہت بڑا حصہ ہے۔

شال بقیہ 11

ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے دورہ گوادر کے دوران مختلف منصوبوں پر عملدرآمد کے کام جائزہ لیتے ہوئے ضروری احکامات جاری کیے۔ ترجمان صوبائی حکومت نے کہا کہ گوادر کی ترقی و خوشحالی عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سے ممکن بنائی جا رہی ہے، صوبائی حکومت کی ہر ممکن کوشش ہے کہ گوادر کی عوام کا معیار زندگی بہتر بنایا جائے۔ گوادر کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ صحت کی معیاری اور جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے جی ڈی اے ہسپتال کو انڈس ہسپتال انتظامیہ کے حوالے کیا گیا ہے۔ انفرا اسٹرکچر اور شاہراہوں کی تعمیر نو اور بحالی کیلئے بھی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔ ترقیاتی پیکج کے تحت طلباء کے لیے کلاس رومز کی تعمیر و مرمت اور پشوکان میں بوائز انٹرمیڈیٹ کالج کی تعمیر کے منصوبوں کیلئے بھی فنڈز مختص کئے گئے ہیں۔ کثیر المقاصد ہالز اور لائبریریوں کی تعمیر کیلئے 140 ملین روپے، گوادر میں صحت کی سہولیات میں بہتری کیلئے بنیادی صحت یونٹس اور علاقائی مراکز صحت کی بہتری کیلئے 365 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، اسی طرح پینے کے صاف پانی کی فراہمی و دستیابی، پائپ لائنوں کی بچھائی، واٹر سپلائی سکیموں اور پانی کی ٹینکیوں کے لیے 380 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، ترجمان بلوچستان حکومت محترمہ فرح عظیم شاہ نے کہا کہ اپنی عوام کی خدمت موجودہ صوبائی حکومت اپنا نصب العین سمجھتی ہے۔ گوادر کی ترقی و خوشحالی سے نا صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی و خوشحالی منسلک ہے۔ ماہی گیروں کے مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں اور ماڑہ اور جیونی میں دو نئے فش ہاربرز کی تعمیر سے عوام کو مزید سہولتیں میسر آئیں گی۔ علاقے کے دیہاتوں کو مین شاہراہوں سے ملانے کیلئے شاہراہوں کی تعمیر بھی جلد کی جائے گی جس سے آمدورفت کے مسائل میں واضح کمی ممکن ہوگی، صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہر ممکن یقینی بنائے گی۔

شال بقیہ 12

بجائے اب ایوان صدر میں منعقد ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ روایتی پریڈ پر بڑے پیمانے پر اخراجات ہوتے تھے، پاک فوج ملک کے مشکل وقت میں پوری قوم کے ساتھ کھڑی ہے، ملک کی ترقی میں پاک فوج اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ یاد رہے کہ ملکی معاشی صورتحال کے پیش نظر وفاقی بجٹ میں بھی کمی کی گئی تھی، پیٹرولیم مصنوعات کی مد میں فوج کے اخراجات میں 35 فیصد، یوٹیلٹی بلز کے اخراجات میں 35 سے 40 فیصد تک کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 13

انٹیلی جنس اطلاعات پر آپریشن کر کے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔ آپریشن کے بعد سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں کلیئرنس آپریشن بھی کیا گیا جس کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد مزید 3 دہشت گرد مارے گئے۔ علاقے کے مقامی لوگوں نے سیکیورٹی فورسز کے عمل کو سراہا اور علاقے سے دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کے لیے اپنے مکمل تعاون کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 14

اس حوالے بتایا جاتا ہے کہ ساکران تھانہ کے قریب ندی میں جمع پانی میں نہاتے ہوئے 17 سالہ نوجوان محمد عظیم ولد فقیر محمد واہورہ ڈوب کر جاں بحق ہوگیا متوفی حاجی براہ واہورہ گوٹھ ماموں ہوٹل کا باشندہ تھا۔

شال بقیہ 15

مقام اونچل سے تقریباً 40 کلو میٹر دور مین آر سی ڈی شاہراہ پر بیارہ کے مقام پر پک اپ اور رکشہ کے تصادم کے نتیجے میں ایک شخص حیدر علی خاصخیلی ولد تاج محمد خاصخیلی جاں بحق جب کہ دو افراد عبدالقادر اور جمعہ خان زخمی ہوگئے نعش اور زخمیوں مرک 1122 ٹیارو سینٹر منتقل کردیا گیا۔ جہاں زخمیوں کی طبی امداد کی گئی۔ ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

شال بقیہ 16

بلوچستان ہائیکورٹ میں انصاف لائرز فورم کے رہنما اقبال شاہ ایڈووکیٹ نے عمران خان کے وارنٹ گرفتاری کے خلاف درخواست جمع کرائی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ بجلی روڈ تھانے میں مقدمہ درج نہیں ہوسکتا کیونکہ جس الزام پر مقدمہ درج ہوا وہ بجلی روڈ تھانے کی حدود ہی نہیں۔ درخواست گزار نے عمران خان کے خلاف درج ایف آئی آر کو ختم کرنے کی استدعا کی ہے۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس ظہیر الدین نے درخواست پر مختصر سماعت کی اور عمران خان کیخلاف درج مقدمہ ختم کرنے کی درخواست سماعت کیلئے مقرر کرتے ہوئے چیئرمین تحریک انصاف کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری دو ہفتوں کیلئے معطل کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیے۔

شال بقیہ 17

شخص نے لعنت اللہ اور شفیق احمد کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنا لیا تھا جس کے بعد پولیس نے رات گئے کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ کے تبادلے میں سلیم زہری کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا جبکہ دونوں یرغمالیوں کو باحفاظت بازیاب کروالیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

شال بقیہ 18

کی ضمانت منظور کر لی۔ بارکھان میں سیشن کورٹ رکھنی کے سامنے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی فریقین وکلاء کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے اغوا اور قتل کے کیس میں گرفتار سردار عبدالرحمان کھیتران کی ضمانت منظور کر لی۔ سردار عبدالرحمان کھیتران کی ضمانت 10 لاکھ روپے کے مچلکوں پر منظور کی گئی ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران پر خان محمد مری کی اہلیہ، بچوں کو اغوا اور قتل کرنے کا الزام تھا۔

شال بقیہ 19

2023 سے پاکستان کے لیے فضائی آپریشن کا آغاز کرے گی۔ ایتھوپین ایئرلائن نے پاکستان کا فضائی آپریشن شروع کرنے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ ایتھوپین ایئر لائنز افریقہ میں سب سے بڑی نیٹ ورک آپریٹنگ کیریئر ہے۔ پی آئی اے کا افریقہ کے روٹس کے لیے ایتھوپین ایئرلائن سے کوڈ شیئر معاہدہ بھی طے پا چکا ہے۔ ایتھوپین ایئرلائن ادیس ابابا اور کراچی کے درمیان ہفتہ وار 4 پروازیں چلائے گی۔

شال بقیہ 20

میں مزید 37.1 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں اضافہ 27.42 فیصد تک پہنچ گیا۔ حالیہ ہفتے ملک میں 29 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 8 سستی ہوئیں جبکہ 14 کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق 9 مارچ 2023 کو ختم ہونے والے حالیہ ہفتے کے دوران 44 ہزار 175 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والا طبقہ مہنگائی سے سب سے زیادہ متاثر ہوا جس کیلئے مہنگائی کی شرح 14.44 فیصد رہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مہنگائی کی شرح میں 37.1 فیصد اضافہ ہوا ہے اور آلو، پیاز، چینی، ٹماٹر، صابن، آٹا، مٹن، بیف، ویجی ٹیبل گھی، دال ماش، سرسوں کا تیل، چائے، ماچس، چاول اور کھلا تازہ دودھ سمیت مجموعی طور پر 29 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ چکن، لہسن، انڈے، ایل پی جی، دال چنا، دال مسور اور دال مونگ پر مشتمل 8 اشیا سستی ہوئی جبکہ 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔ ٹماٹر 43.12 فیصد، پیاز 26.9، آلو 37.11، چینی 48.5، کوکنگ آئل 27.4، آٹا 97.4، ویجیٹیبل گھی 01.4، دہی 89.1 فیصد، دودھ 82.1، چائے 79.1، نمک 21.1 فیصد اور باسمتی ٹوٹا چاول 24.1 فیصد مہنگے ہوئے ہیں جبکہ چکن 73.6، لہسن 07.2، دال مونگ 83.0، دال مسور 50.0، انڈے 77.0، ایل پی جی 26.0 فیصد، دال چنا 05.0، جلانے کی لکڑی 12.0 فیصد سستی ہوئی۔ حساس قیمتوں کے اعشاریہ (ایس پی آئی) کے لحاظ سے گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلہ میں ملک میں مہنگائی کی شرح 42..27 فیصد رہی ہے۔ حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح میں 09.39 فیصد۔ 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح میں 98.40 فیصد۔ 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں 79.41 فیصد۔ 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح 53.42 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی کی شرح 14.44 فیصد رہی ہے۔ جن 29 اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ان میں آلو، پیاز، چینی، ٹماٹر، صابن، آٹا، مٹن، بیف، ویجی ٹیبل گھی، دال ماش، سرسوں کا تیل، چائے، ماچس، چاول اور کھلا تازہ دودھ سمیت دیگر اشیائے ضروریہ شامل ہیں۔ جن 8 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی ہے ان میں چکن، لہسن، انڈے، ایل پی جی، دال چنا، دال مسور اور دال مونگ پر مشتمل اشیا شامل ہیں البتہ 14 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔

شال بقیہ 21

چیئرمین ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ کی صوبائی سیکریٹریٹ میں خصوصی ملاقات کی ملاقات میں صوبے اور ملک کے مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی جنرل سیکرٹری غلام محی الدین رند، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حاجی قاسم آچکزئی، آفس سیکرٹری اختر بلوچ، ڈپٹی میڈیا کوآرڈینیٹر اختر شاہ مندوخیل، صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین سردار عمران بنگلزئی، سردار سرور سلیمانخیل، ملک شہزاد شاہوانی، پیپلز لیبر بیورو کے صوبائی صدر شاہ جہاں گجر، پیپلز مینارٹی ونگ بلوچستان کے صدر جعفر جارج، پیپلز یوتھ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری اسد گجر، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات اسماعیل حقیار، کے پی رہسائی اور دیگر ساتھی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئرمین قومی جسٹس پارٹی ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے اغراض مقاصد سے اتفاق کرتے ہوئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر آصف علی زرداری پی پی پی بلوچستان کی صوبائی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے قومی جسٹس پارٹی کو پاکستان پیپلز پارٹی میں ضم کرنے کا اعلان کیا۔ صوبائی جنرل سیکرٹری لالا روزی خان کاکڑ نے قومی جسٹس پارٹی ملک سمندر خان کاسی کے فیصلے کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ سیاسی لحاظ سے بروقت، مثبت اور عوام کے بہترین مفاد میں کیا گیا فیصلہ ہے۔ جس سے ہمارے صوبے کی پسماندگی، غربت، بے روزگاری اور عوام کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لئے پاکستان پیپلز پارٹی کی جاری جدوجہد کو مزید تقویت ملے گی۔

شال بقیہ 22

کونسل میں ریفرنس دائر کردیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان بار کونسل کی جانب سے بھی سپریم کورٹ کے جسٹس مظاہر اکبر نقوی کیخلاف سپریم جوڈیشل کونسل میں ریفرنس دائر کردیا گیا ہے۔ شکایت پاکستان کونسل کے وائس چیئرمین ہارون الرشید اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی حسن رضا پاشا نے دائر کی۔ کونسل نے کہا ہے کہ شکایت آئین کے آرٹیکل 209 کے تحت دائر کی گئی ہے۔ پاکستان بار کونسل نے سپریم جوڈیشل کونسل سے شکایت کی فوری تحقیقات کرنے کی استدعا کی ہے۔

شال بقیہ 23

بنایا جائیگا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر نے ایف ای اور پی ٹی کی وزارت میں خواتین بیٹ رپورٹرز کی میزبانی کرتے ہوئے ملکی ترقی میں خواتین کے کردار کا اعتراف کیا۔ انہوں نے خواتین رپورٹرز کو صحافت میں اپنا تعاون جاری رکھنے پر روشنی ڈالی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے کسی بھی شعبے خصوصاً تعلیم کی ترقی میں خواتین کا کردار اہم ہے۔ وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر نے تعلیم کے معیار کو بلند کرنے اور تعلیم تک رسائی کے دائرہ کار کو بڑھانے کے لیے وزارت کی طرف سے کیے گئے مختلف اقدامات کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تعلیم کے شعبے کو درپیش سب سے بڑے چیلنجوں میں سے ایک سکول سے باہر بچوں کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً 8.22 ملین بچے سکول سے باہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کا بنیادی مقصد اس تعداد کو کم کرنے پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ رانا تنویر نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں 16 ہزار سے زائد سکول نہ جانے والے بچے ہیں۔ انہوں نے اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ اس تعداد کو کم کیا جائے گا اور وفاق کو باقی ملک کے لیے ماڈل بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 24

میں 3 رکنی بنچ 15 مارچ کو کیس کی سماعت کرے گا۔ جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس عائشہ ملک بنچ میں شامل ہیں۔ سپریم کورٹ نے درخواست سماعت کیلئے مقرر کرکے پاکستان تحریک انصاف کو نوٹس جاری کر دیا ہے۔

شال بقیہ 25

جہاں صدر ایئر وار کالج انسٹیٹیوٹ ایئر وائس مارشل حسین احمد صدیقی نے ان کا استقبال کیا۔ مہمان خصوصی نے ایئر وار کالج انسٹیٹیوٹ کو اعلیٰ صلاحیت کے حامل ادارے کے شایان شان معیار تعلیم کے حصول پر انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی اور مستقبل کی عسکری قیادت کو فضائی جنگ کے حوالے سے جدید دور کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق ایئر وار کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ نے مادر وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کے کردار اور قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ موجودہ دور میں حصول علم کے تقاضے تیزی سے بدل رہے ہیں اور جدید تعلیم کے حصول کا واحد طریقہ عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق ہائی ٹیک صلاحیتوں کے حصول پر مبنی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مستقبل کی عسکری قیادت پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آنے والے باہمی خطرات اور مستقبل کی عسکری تبدیلیوں کے مطابق عالمی تزویراتی ماحول اور ابھرتی ہوئی علاقائی تبدیلیوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے خود کو تیار رکھیں۔ سربراہ پاک بحریہ نے مزید کہا کہ ہمیں نئی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے جدید رجحانات سے باخبر رہنے کے ساتھ ساتھ باہمی تنازعات، کورژن اور سائبر جنگ سے نمٹنے کے لیے خود کو تیار رکھنا ہے۔ انہوں نے موجودہ دور کی تیزی سے بدلتی ہوئی عسکری صورتحال میں عسکری مقاصد کے حصول کے لیے مسلح افواج کے مابین مکمل ہم آہنگی کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ پاک فضائیہ کا ائیر وار کالج انسٹی ٹیوٹ ایک باوقار ادارہ ہے، جہاں پاکستان کی مسلح افواج اور دوست ممالک کے متوسط سنیارٹی کے افسران کو کمانڈ اینڈ اسٹاف کی اہم تقرریوں کے لیے تربیت دی جاتی ہے۔ کورس کے شرکا کو ایک سو سے زائد مضامین کے ماہرین ہدایات فراہم کرتے ہیں جن میں سول و عسکری پروفیشنلز، ڈپلومیٹس، اسکالرز، ماہرین تعلیم، وکلا، صنعت کار، سائنسدان، ماہر اقتصادیات اور میڈیا کے اہلکار شامل ہیں۔ کورس کو وسعت اور علمی تدبر فراہم کرنے کے لیے غیر ملکی اساتذہ اور تزویراتی ماہرین کے ساتھ خصوصی بات چیت کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 26

والے ٹھیکیداروں نے دو سال کے سولہ کروڑ روپے کے واجبات کی عدم ادائیگی پر بیشتر جیلوں کو راشن کی فراہمی بند کردی تھی، محکمہ داخلہ کی جانب ٹھیکیداروں کے رواں سال کے واجبات کے حوالے سے دس کروڑ 68 لاکھ روپے کی سمری وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بھجوائی گئی جس کی منظوری انہوں نے دے دی جبکہ گزشتہ سال کے چھ کروڑ روپے کی واجبات کی ادائیگی کیلئے بھی محکمہ داخلہ کی جانب سے علیحدہ سمری وزیر اعلیٰ کو بھجوائی جائے گی۔ فنڈز کی منظوری کے بعد آئی جی جیل بلوچستان شجاع الدین کاسی نے محکمہ جیل کے ٹھیکیداروں سے مذاکرت کئے کامیاب مذاکرت کے بعد ٹھیکیداروں نے جیلوں کے قیدیوں کیلئے راشن کی فراہمی شروع کردی ہے۔

شال بقیہ 27

اعجاز احمد وڑائچ شامل تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئینی طور پر کوئی ادارہ الیکشن میں تعاون سے انکار نہیں کرسکتا، سپریم کورٹ کے حکم پر پنجاب میں الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہو چکا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اگر سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد میں رکاوٹ بنیں گے تو یوسف رضا گیلانی کی طرح گھر جائیں گے۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ لاہور میں 8 مارچ کو زمان پارک میں نگران وزیراعلیٰ نے سانحہ ماڈل ٹاؤن کی خونی تاریخ دہرائی ہے، اس خونریزی کا حساب نگران وزیر اعلیٰ کو ہر صورت میں دینا پڑے گا، رانا ثناء اللہ سانحہ ماڈل ٹاؤن، سانحہ 25 مئی اور سانحہ زمان پارک میں براہ راست ملوث ہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ بہت جلد قانون کے شکنجے میں ہوں گے اور اپنے انجام کو پہنچیں گے، الیکشن کی تاریخ کے اعلان کے بعد پنجاب میں انشاءاللہ عمران خان کی حکومت دوبارہ قائم ہونے میں اب کوئی رکاوٹ باقی نہیں رہی۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ ملکی تاریخ میں یہ پی ڈی ایم کی حکومت پہلی حکومت ہے جو الیکشن سے بری طرح خوفزدہ ہے، پی ڈی ایم الیکشن سے فرار کے حیلے بہانے کرکے عملی طور پر اپنی شکست تسلیم کرچکی ہے۔

شال بقیہ 28

جاری کردیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ رہائشی، کمرشل، خرید و فروخت کی جانے والی پراپرٹیز کا ریکارڈ دیا جائے۔ فرح خان اور ان کے شوہر احسن جمیل کے نام پر بھی موجود جائیداوں کا ریکارڈ دیا جائے۔ نیب نے تمام ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو 17 مارچ تک ریکارڈ جمع کروانے کی ہدایت کردی ہے۔

شال بقیہ 29

بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 5 ہزار 95 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 73 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے، اس طرح اس مدت میں کورونا ٹیسٹ کی مثبت شرح 43.1 فیصد رہی۔ اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 10 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

شال بقیہ 30

5 کے زخمی ہونے کا پرامن تصفیہ کیا گیا اس موقع پر قبائلی عمائدین کی بڑی تعداد موجود تھی چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے خونی تنازعے کے پرامن حل پر فریقین کو خراج تحسین پیش کیا اور ساسولی قبیلے اور ان کے سربراہ سردار چنگیز خان ساسولی نے فراخ دلی اور جرات کا مظاہرہ کر کے سب کچھ معاف کیا امید ہے محمد حسنی قبیلہ بھی اس بات کا لاج رکھے گی انہوں نے شرکا کو یقین دلایا کہ چارسر کی ترقی و خوشحالی کے لیے کیے گئے وعدوں پر بتدریج عمل ہوگا انہوں نے متاثرہ خاندانوں کو ذاتی خرچے پر حج و عمرہ کرانے کا اعلان کرتے ہوئے عیدالفطر کے بعد دوبارہ چارسر کے دورے کا اعلان بھی کیا جرگے سے سردار چنگیز خان ساسولی سردار زادہ رامین خان محمد حسنی سردار آصف شیر جمالدینی میر اعجاز خان سنجرانی سردار اورنگزیب بادینی سردار نادر خان بادینی صوبائی وزیر محمد خان لہڑی ایم پی اے میر زابد ریکی میر غلام دستگیر بادینی نزیر احمد بلوچ محمد اعظم ریکی مولوی نجیب اللہ محمد حسنی ایڈووکیٹ محمد اسماعیل پیرکزئی ملک فتح محمد محمد حسنی سردار اکبر جان محمد حسنی اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا اور قبائلی تنازعات کے پرامن حل پر زور دیا۔

شال بقیہ 31

نوجوان کو حراست میں لے لیا۔ لیویز حکام کے مطابق گرفتار نوجوان نے کوئٹہ، کراچی اور واشک سے تعلق رکھنے والے چار سے زائد افراد پر مشتمل انسانی اسمگلروں کے گروہ کی نشاندہی کی ہے جو نوجوانوں کو بہتر مستقبل کا جھانسہ دیکر غیر قانونی طور پر ایران کے راستے یورپ لے جاتے ہیں۔ لیویز کے مطابق محکمہ داخلہ اور ایف آئی اے کو اسمگلروں کی گرفتاری کی سفارش کردی گئی ہے جبکہ زیر حراست نوجوان کو مزید قانونی کاروائی کے لئے متعلقہ اداروں کے حوالے کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل بلوچستان سے تعلق رکھنے والی کھلاڑی شاہدہ رضا بھی غیر قانونی طور پر یورپ جاتے ہوئے سمندر میں ڈوب کر جاں بحق ہوئی تھی۔

شال بقیہ 32

وارنٹ کی جو مسترد کردی گئی۔ عدالت نے وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے میر عمران تاج گچکی کو 13 مارچ کو پیش کرنے کا حکم دیا۔ میر عمران تاج گچکی کیخلاف 3 کروڑ 85 لاکھ روپے کا چیک ڈس آنر پر تھانہ کوہسار میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ عدالت نے میر عمران تاج گچکی کو بیان قلمبند کروانے کیلئے طلب کر رکھا تھا۔

شال بقیہ 33

دے دیا گیا ہے، ماہی گیروں کے لئے ہیلتھ کارڈ کا اجراء، انجن اور کشتیاں فراہم کی جائیں گی، ایران سے گوادر کے لئے 100 میگاواٹ بجلی کی فراہمی جلد شروع ہوگی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو گوادر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ میں، جام کمال یا کوئی اور وزیر اعلیٰ ہو ترقیاتی منصوبے کے پیسے ہمارے ذاتی نہیں ہیں ترقیاتی منصوبے علاقوں اور صوبے کی ترقی کے لئے ہیں بھی ایسا نہیں کیا کہ کسی علاقے کو منصوبے کو تاخیر کا شکار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا کام ترقیاتی کام کروانا ہے ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہونے والی رقم بلوچستان کے عوام کی ہے اگر پیسے خرچ ہو رہے ہیں تو منصوبے کو تاخیر کا شکار بنائے بغیر مکمل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کی تاخیر کی اطلاع نہیں ہے تاہم جن منصوبوں کی نشاندہی ہوئی ہے انکی تکمیل کے لئے احکامات جاری کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 34

لکو ایڈووکیٹ، وکیل احمد ایڈووکیٹ اعظم نورزہ، ایڈووکیٹ، قاضی امان اللہ ایڈووکیٹ نے ممبر بلوچستان بار کونسل کے سینئر رہنما محمد ایوب ترین کے والد کے وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

شال بقیہ 35

لکو ایڈووکیٹ، وکیل احمد ایڈووکیٹ اعظم نورزہ، ایڈووکیٹ، قاضی امان اللہ ایڈووکیٹ نے ممبر بلوچستان بار کونسل کے سینئر رہنما محمد ایوب ترین کے والد کے وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

شال بقیہ 36

ن سے صرف سوالات ہوتے رہے۔ پھر صحافی نعیم صادق سمالزئی نے سی سی ٹی وی کیمرہ چیک کروائے جس میں موٹر سائیکل چور کو مسروقہ موٹر سائیکل سمیت پیدل فرار ہوتے واضح دیکھا جاسکتا ہے۔ نعیم صادق سمالزئی نے بتایا کہ واقعہ کو تین دن گزرنے کے باوجود کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ حالانکہ جناح روڈ جیسی شاہراہ پر پولیس کے ساتھ ساتھ دیگر اداروں کے اہلکار بھی ہر وقت منڈلاتے رہتے ہیں۔ اس کے باوجود ایسی وارداتیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔ اس سے واضح ہوتا ہے کوئٹہ ڈاکوؤں اور چوروں کے لئے محفوظ جنت بن چکا ہے۔

شال بقیہ 37

اچھی اور مخلص قیادت کو لایا جاسکتا ہے جبکہ دوسری جانب غلط استعمال سے غلط لوگ بھی اسمبلیوں میں آسکتے ہیں اس لئے وطن کی ترقی و خوشحالی کے لئے 18 سال سے زیادہ عمر والے مرد و خواتین اپنے ووٹ کا اندراج ضرور کرائیں اور قوم کے لئے مخلص قیادت کو منتخب کریں اور اس کے لئے ووٹ کا صحیح استعمال نہایت اہم ہے اور معاشرے میں ووٹ کے اندراج اور حق رائے دہی کے استعمال کی اہمیت کو اجاگر کرنا اشد ضروری ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان میں خواتین نصف آبادی سے زیادہ ہیں اور ان کے ووٹ کی اہمیت مسلمہ ہے اور خواتین ملک کے لئے مخلص قیادت اور نمائندوں کے انتخاب میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ جب تک خواتین بااختیار نہیں ہوں گی اس وقت تک جمہوریت مضبوط نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آبادی کے لحاظ سے خواتین کی تعداد نصف آبادی سے زیادہ لیکن خواتین ووٹرز کا اندراج 43 فیصد سے بھی کم ہے۔ المیہ یہ ہے کہ رجسٹرڈ خواتین بھی اپنے ووٹ کا حق استعمال نہیں کرتیں۔ خواتین کو چاہئے کہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے اور اپنے لئے بہتر فیصلوں کے لئے اپنے ووٹ کا اندراج ضرور کروائیں تاکہ وہ ووٹ کے حق کو استعمال کر کے ملکی ترقی و خوشحالی کے لئے حقیقی نمائندے منتخب کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک میں ووٹ کی بڑی اہمیت ہے اس کو صرف پرچی نہیں بلکہ ملک و قوم کی تقدیر سمجھ کر کاسٹ کیا جاتا ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں ووٹ کا ٹرن آؤٹ بہت کم ہے عوام انتخابی عمل میں حصہ لینے سے کتراتے ہیں۔

شال بقیہ 38

عوامی اور ماہی گیر حکومت بلوچستان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، گوادر میں جاری حق دو تحریک وہاں کے عوام کی نہیں بلکہ ایک سیاسی جماعت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کر کے ذمہ داری سونپی ہے، انشاءاللہ میں وزیراعلیٰ کی امیدوں پر پورا اتروں گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی کوششوں سے ریکوڈک منصوبے پر کام شروع ہوگیا ہے جس سے تجارت کے راستے کھولیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سے متعلق غلط پروپیگنڈوں پر کان نہ دھریں، اگر تنقید کرنی ہے تو تنقید برائے اصلاح کی جائے، بلوچستان حکومت رمضان میں سستے بازار لگائے گی جس سے عوام کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ پر گندم کی بہت بڑی شپ آئی ہے جس سے پورے ملک کو گندم فراہم کیا جائے گا، آنے والے وقت میں بلوچستان کو بہت سے خوشخبریاں ملیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے بعد صوبے کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن حالات بہتر ہوگئے ہیں اور آنے والے دن اچھے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے محکمہ تعلیم ڈیجیٹل پالیسی پر عملدرآمد شروع کردیا ہے۔

شال بقیہ 39

سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج سیکورٹی ادارے اور عوام ایک پیج پر ہیں اور انشاء اللہ جلد بلوچستان سے دہشت گردوں کا مکمل صفایا کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے ہمیشہ ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے دہشت گرد کسی بھی طرح عوام اور صوبے کے خیر خواہ نہیں ہیں دہشت گردوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جانا چاہئے۔

شال بقیہ 40

مد نہیں ہوا جس کی وجہ سے کسان اور زمیندار نان شبینہ کے محتاج ہوگئے اور حکومت نے کسان پیکج ختم کردیا اور بلوچستان کے زمینداروں کو 24 گھنٹوں میں صرف 2 گھنٹے بجلی دی جارہی ہے پانی نہ ملنے کی وجہ سے فصلیں اور باغات تباہ ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیموں کی تعمیر، بیج، کھادوں، زرعی ادویات میں کرپشن عروج پر ہے جس پر کسان اتحاد نے نیب میں ثبوت کے ساتھ دستاویزات جمع کرادی ہیں جس پر انکوائری چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک کو بچانا ہے تو خوشحالی ڈیم (کالا باغ ڈیم) جیسے بڑے ڈیموں کی تعمیر کو یقینی بنایا جائے اگر یہ ڈیم نہیں بنے تو چاروں صوبوں میں خاص طور پر بلوچستان سیلاب سے تباہ اور پانی کی قلت کی وجہ سے لوگوں کی زندگی محال ہوجائے گی اس لئے کسان اتحاد خوشحالی ڈیم کی تعمیر کیلئے سابق صدر مملکت آصف علی زرداری کے پاس جائے گا اور چاروں صوبوں کے لوگ آصف علی زرداری سے خوشحالی ڈیم کی تعمیر کیلئے اپیل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے کسانوں کیلئے 12 سو سولر پینل دینے کا اعلان کیا تھا لیکن اس میں ایک سولر پینل بھی کسی کسان کو نہیں ملا بلکہ ٹھیکیداروں کی ملی بھگت سے وہ کرپشن کی نظر ہوگئے۔

شال بقیہ 41

حافظ عبدالحق حقانی مولانا محمد اشرف جان مفتی غلام نبی محمدی مفتی عبدالغفور مدنی حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ سالار حافظ سید سعد اللہ آغا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا حافظ سردار محمد نورزئی حافظ سراج الدین مفتی رحمت اللہ حاجی قاسم خان خلجی مولانا مفتی محمد ابوبکر حاجی صالح محمد مولانا محمد عارف شمشیر ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ ملک عبداللہ خان ناصر حاجی عبداللہ سلیمان خیل حافظ رحمان گل حافظ دوست محمد اور دیگر نے مشترکہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈی چوک کے بعد زمان پارک میں غیر اخلاقی سرگرمیوں اور مرد و زن کے بے ہنگم اختلاط نے ملک کے اسلامی تشخص پر کاری ضرب لگائی ہے، عمران خان ہمیشہ عورت ذات کو ذاتی مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہوئے ان کی عزت اور وقار کو داؤ پر لگانے سے باز نہیں آتے، مختلف ویڈیو اور آڈیو لیکس نے اس قسم کی غیر ملکی ایجنٹ پارٹی کی حقیقت کو طشت از بام کردیا، اب قوم باشعور ہو چکی ہے کہ وطن عزیز کو ذاتی خواہشات اور ہوس کے عوض کمزور کرنے اور معاشی طور پر دیوالیہ کا غلام بنانے میں کون لوگ ملوث ہیں، ضروری ہے کہ جمہوری جماعتیں ذاتی انا کو قربان کر کے ایک ایجنڈے پر متفق ہو کر ملک کے مستقبل کے خدوخال کا تعین کریں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی پشت پناہی کرنے والے تمام ٹرک بے نقاب ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ملک میں فحاشی اور عریانی پھیلانے کی اجازت نہیں دے گی۔

شال بقیہ 42

ہمارے خزانے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ اگر ہم خود آگے بڑھ کر امن و امان کو قائم کریں تو یہ ہمارے پیسے ضائع نہیں ہونگے بلکہ ہماری تعلیم اور صحت پر خرچ ہونگے۔

شال بقیہ 43

صوبائی کونسل عصمت اللہ کاکڑ کی ملاقات کی ملاقات میں پارٹی امور و سیاسی صورتحال پر بات چیت ملاقات میں لورالائی ڈویژن کے تنظیمی امور پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔

شال بقیہ 44

طرف سے مکمل تعاون کا یقین دلایا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی نے کہا کہ ضلع لورالائی میں بسنے والے تمام لوگ اچھے مہمان نواز اور پرامن لوگ ہے وہ ہمیشہ ضلعی انتظامیہ سے تعاون کرتے رہے ہیں اور خاص کر اقلیتی برداری کے ساتھ نرمی سے پیش آتے ہیں اقلیتی برداری کو وہ تمام سہولیات میسر ہے جن پر ان کا حق ہے انہوں نے کہا کہ مندروں گرجا گھروں سمت اقلیتی برداری محفوظ ہیں اقلیتی برداری نے پورا بلوچستان میں تعمیر و ترقی خوشحالی میں مثبت انداز سے اپنا رول پلے کر رہے ہیں اقلیتی برداری کے لیے تعلیم صحت کی تمام سہولیات کے ساتھ ساتھ عوام درپیش مسائل کے تدارک کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 45

میں انتیکل سستا آٹا سیل پوائنٹس قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جہاں سرکاری ریٹس پر عوام کو سستا آٹا فراہم کیا جائیگا ماہ رمضان کے مقدس مہینے میں کوئٹہ شہر میں 8 سے 10 مقامات پر سستا آٹا کے سیل پوائنٹس قائم کئے جائینگے سیل پوائنٹس کے مقامات کا شیڈول ایک دن پہلے روزانہ کی بنیاد پر میڈیا کے ساتھ شیئر کیا جائیگا اور محکمہ خوراک بلوچستان کے ٹویٹر پیج پر بھی شیئر کیا جائیگا ڈسٹرکٹ کوئٹہ سمیت دیگر ڈسٹرکٹ کے سستا آٹا کے سیل پوائنٹس کے مقامات کا تعین وہاں کے ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ مل کر کیا جائیگا پہلے مرحلے میں کوئٹہ، پشین مستونگ، ژوب، لورالائی، چمن، نوشکی، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، خضدار، بیلہ، تربت، نصیرآباد اور سبی ڈسٹرکٹ شامل ہونگے۔

شال بقیہ 46

متاثرین کی بحالی کے لیے کچھ بھی اقدامات نہیں کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے سیلاب متاثرین آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود حکومتی امداد کے منتظر ہیں لیکن حکومت نے چپ سادھ لی ہے گزشتہ سال لسبیلہ سمیت بلوچستان میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی تھی کئی گھر پانی میں بہہ گئے تھے اور کئی گھر منہدم ہوگئے تھے اور کئی گھروں کو دراڑیں پڑ گئی تھی لیکن وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف دلاسے ہی دیے گئے لیکن سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے کچھ بھی اقدامات نہیں کئے گئے متاثرین سات ماہ سے حکومت کی راہیں تک رہے ہیں اور امید و یاس لگائے بیٹھے ہیں لیکن حکومت نے بھی متاثرین بحالی کے لیے چپ کا روزہ رکھ لیا ہے۔

شال بقیہ 47

ہوئے نعش اور زخمیوں مرک 1122 ٹیارہ سینٹر منتقل کردیا گیا۔ جہاں زخمیوں کی طبی امداد کی گئی۔ ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

شال بقیہ 48

کی تیز اسی روز مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ فیڈر سے دن ایک بجے تا شام چار بجے۔ کوئٹہ سٹی گرڈ کے اسٹیڈیم فیڈر سے دن 12 بجے سے شام ساڑھے 4 بجے تک جبکہ سمنگلی گرڈ سے دن 12 بجے سے شام 4 بجے تک اور لورالائی گرڈ سے صبح 10 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 12 مارچ کو مری آباد گرڈ کے لیاقت بازار ایکسپریس فیڈر سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ مری آباد گرڈ کے گلستان فیڈر دن ایک بجے سے شام چار بجے تک اور کوئٹہ سٹی گرڈ کے اسٹیڈیم فیڈر سے دن 12 بجے سے شام ساڑھے 4 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

شال بقیہ 49

ہوگا (2) معذور افراد کے لیے میڈیکل بورڈ مورخہ 13 مارچ 2023 کو رجسٹرار آفس BumHS میں صبح 30:9 بجے ہوگا (3) تمام امیدواروں کا انٹرویو مورخہ 14 مارچ 2023 کو بوقت صبح 9:30 بجے رجسٹرار آفس میں ہوگا تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ اور وقت پر انٹرویو کے لیے رپورٹ کرے اور اپنی اصلی دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

شال بقیہ 50

سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے کچھ بھی اقدامات نہیں کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے سیلاب متاثرین آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود حکومتی امداد کے منتظر ہیں لیکن حکومت نے چپ سادھ لی ہے گزشتہ سال لسبیلہ سمیت بلوچستان میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی تھی کئی گھر پانی میں بہہ گئے تھے اور کئی گھر منہدم ہوگئے تھے اور کئی گھروں کو دراڑیں پڑ گئی تھی لیکن وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف دلاسے ہی دیے گئے لیکن سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے کچھ بھی اقدامات نہیں کئے گئے متاثرین سات ماہ سے حکومت کی راہیں تک رہے ہیں اور امید و یاس لگائے بیٹھے ہیں لیکن حکومت نے بھی متاثرین بحالی کے لیے چپ کا روزہ رکھ لیا ہے عوامی حلقوں نے وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کرے۔

شال بقیہ 51

سیکرٹری آفتاب انور بڑیچ نے باچاخان امن سیمینار میں شرکت کرنے کی یقین دہانی کرتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی کے ضلعی پریس سیکرٹری عبیداللہ مشوانی و دیگر موجود تھے۔

شال بقیہ 52

شعبے کی مہارتوں اور کارکردگی کو شامل کرنے اور استعمال کرنے میں بہت کھلی ہے۔ انہوں نے صوبے میں بلوچستان کی پہلی ڈرائیورز اکیڈمی، ٹریک بیورو اور جی پی ایس ٹریکنگ سسٹم کے قیام کے لیے نجی شعبے کو بھی مدعو کیا۔

شال بقیہ 53

میڈیکل و دیگر نے ملکر کا اس موقع پر پروقار تقریب بھی سجائی گئی تقریب سے ایم کیو ایم پاکستان کے کارکنان اور عہدیداران نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر صوبائی صدر ملک عمران اللہ کاکڑ، صوبائی سینئر نائب صدر میر امداد حسین، میر عبدالستار خان بجلی، حاجی نصیر احمد کھوسہ، میر نزیر احمد عمرانی، و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کے متحدہ قومی موومنٹ نے جاگیردارانہ نظام کی ہمیشہ مخالفت کی جس کی پاداش میں آج پارٹی کو کئی مشکلات کا سامنا ہے متحدہ قومی موومنٹ نے 39 سال میں کئی نشیب و فراز کا سامنا کیا اور ڈٹ کر کھڑی رہی آج متحدہ قومی موومنٹ نے ایوانوں میں کھلبلی مچا رکھی ہے متحدہ میں عام ورکر بھی ایم پی اے اور ایم این اے منتخب ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 54

عالمی قوتوں کی آنکھوں میں مسلسل کھٹک رہی ہیں انہوں نے کہا کہ قوم آج بھی امریکہ کی غلامی کی زنجیروں کو نہ توڑا گیا تو ملک نا قابل برداشت نقصان سے دو چار ہوگا حکمرانوں نے ملک کو امریکی جنگ میں جھونک کر قوم کو ایک دلدل میں پھنسایا گیا۔ امریکہ کی خواہش پر پالیسیاں ہونے سے ملک کی سلامتی داؤ پر لگا دیا۔

شال بقیہ 55

ٹرانسپورٹ قوانین پر عمل طور پر سختی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کا نظام کافی حد تک بہتر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسافر گاڑیوں کی روزانہ کی بنیاد پر فٹنس بھی چیک کی جاتی ہے اور جہاں خرابی یا کمزوری نظر آئے ان کے مالکان یا کمپنیز کو نوٹس جاری کیے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت جدید ٹریکنگ نظام کے تحت 350 کے قریب مختلف مسافر کوچز، ویگنز، بس وغیرہ میں ٹریکنگ کا جدید سسٹم نصب ہے جس کے ذریعے گاڑیوں کی رفتار پر بروقت نظر رکھی جاتی ہے اور اگر کوئی ڈرائیور مقررہ رفتار سے زیادہ اسپیڈ کا مرتکب ہوتا ہے تو اسے موٹروے پولیس کے ذریعے راستے میں ہی دھر لیا جاتا ہے۔ اور سزا دی جاتی ہے۔ تاہم خوش آئند بات یہ ہے کہ ٹرانسپورٹرز اس حوالے سے بھرپور تعاون کر رہے ہیں اور آئندہ بھی ان سے یہی توقع ہے۔

شال بقیہ 56

میں فروخت کرنے میں ملوث ہیں۔ ملزمان اس سے پہلے بھی متعدد بار گرفتار ہو کر جیل جاچکے ہیں۔ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں گرفتار ملزمان کو بمعہ منشیات مزید قانونی کاروائی کے لیے پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے۔

شال بقیہ 57

اپنے کتابوں کے اسٹالز سجا دیئے تھے مختلف آرٹسٹوں نے اپنے مصوری و فن پاروں کے نمائش کے لیئے بھی اسٹال لگائے، علاوہ ازیں طلبا کی جانب سے ڈرامہ، ٹیبلو، علمی مباحثے، بلوچی اردو مشاعرہ، فن پاروں کی نمائش، اسٹیج ڈرامہ اور دیگر کئی پروگرام بھی پیش کیئے گئے، دوروزہ کتب میلہ کے اختتامی تقریب سے اسسٹنٹ کمشنر پسنی محمد جان بلوچ، کہدہ علی بلوچ اور پرنسپل شہزاد ہاشم نے خطاب کیا مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیمی اداروں میں اس طرح کے ایونٹ منعقد کرنے سے طلبا اور طالبات میں کتب بینی کا شوق پیدا ہوگا اور اسکے ساتھ ساتھ معاشرے میں کتاب کا فروغ ہوگا اور معاشرے میں مثبت سرگرمیاں جنم لیتی ہیں۔

شال بقیہ 58

والے عمران اللہ نامی شخص کو کوئٹہ کا جعلی ڈومیسائل بنا کر دیا گیا تھا جو ایف آئی اے میں بطور کانسٹیبل ملازمت حاصل کی تھی جس پر ان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہوئے تھے جس پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گزشتہ روز گرفتار کرلیا گیا۔

شال بقیہ 59

کے شہریوں کی زندگیوں سے متعلق رہی ہے۔ اس کے نتیجے میں پاکستان کمزور ہوا ہے، اس کا ثبوت یہ ہے کہ ملک کے قیام کو 76 سال ہو چکے ہیں لیکن اب بھی زندگی اور خاتمے کے بیچ میں سفر کر رہا ہے۔ یعنی اپنے وجود اور بقا کی جنگ لڑ رہا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کو گناہوں کا اعتراف کر کے باقی سب معاملات کو چھوڑ کر جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کی ذمہ داری پر محدود ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 60

بار ایسوسی ایشن چاغی کے جنرل سیکرٹری عبدالغفار بلوچ ایڈووکیٹ معزز ممبران بار کی نمائندگی کرتے ہوئے میزہ و معذرت قبول کر کے اس تنازعہ کو خوش اسلوبی سے حل کردیئے اور مورخہ 2023/3/8 کو جو قرارداد ڈسٹرکٹ بار نوشکی اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چاغی کی جانب سے متفقہ طور پر منظور ہو کر جاری کی گئی تھی اسے واپس لینے کے ساتھ ساتھ کل مورخہ 2023/3/11 سے عدالتوں سے ہڑتال ختم کر کے باقاعدگی سے مقدمات میں پیش ہو کر پیروی کرنے کا فیصلہ کرلیا۔

شال بقیہ 61

غریبوں کو ریلیف فراہم کر کے سستی اشیا خوردونوش فراہم کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ماہ صیام کے آنے سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیوں، پھلوں و دیگر روزمرہ چیزوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ غریب لوگ نان شبینہ کو ترس گے، دیہاڑی دار طبقے کو اس کمرتوڑ مہنگائی میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لسبیلہ میں اس کمرتوڑ مہنگائی نے عوام کا جینا محال کردیا ہے غریب دیہاڑی دار طبقہ دو وقت روٹی کو ترس گیا ہے۔

شال بقیہ 62

نے شرکت کی، اس موقع پر علامہ آصف حسینی نے باقاعدہ ربن کاٹ کر کوریئر آن لائن لاجسٹکس کا افتتاح کیا، اور کیک بھی کاٹا گیا، آخر میں علامہ آصف حسینی نے خصوصی دعا کی اور شرکائے کاشف حیدری، سید مبارک و دیگر منتظمین کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 63

نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا سائیکلنگ آگاہی مہم کا مقصد یہ ہے کہ خودکشی کا رجحان معاشرے میں خصوصاً آج کل نوجوانوں میں زیادہ ہیں اس کی بنیادی وجہ کیا ہے کہ نوجوان نسل اپنی زندگی کے شمع کو ہمیشہ کیلئے بجھاتے ہیں اکثر خودکشیاں مہنگائی غربت بے روزگاری سمیت دیگر مسائل سے زیادہ ہو رہے ہیں۔

کوئٹہ میں ڈاکو اور چوروں کا مکمل راج، صحافی کی موٹر سائیکل لے اڑے

چاروں طرف پولیس والے موجود سی ٹی وی کیمرے نصب، پھر بھی چور پیدل فرار

پولیس والوں نے سرد مہری اور لاپرواہی کا مظاہرہ کیا، صحافی نعیم صادق سمالزئی

کوئٹہ (اسٹاف رپوٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مکمل طور پر ڈاکو اور چوروں کا راج، معروف شاہراہ جناح روڈ سے چور پیدل موٹر سائیکل لے کر فرار، منظر سی سی ٹی وی کیمرہ میں محفوظ لیکن تین دن گزرنے کے باوجود بقیہ صفحہ ہے۔ واقعات کے مطابق روزنامہ گوادر ٹائمز کے ایڈیٹر انچیف نعیم صادق سمالزئی 8 مارچ کو دوپہر ایک بجے جناح روڈ پر اپنی موٹر سائیکل کھڑی کر کے سامنے دوکان چلے گئے اور پانچ منٹ بعد آنے پر موٹر سائیکل غائب تھی جبکہ قریب ہی پولیس اہلکار کھڑے تھے۔ صحافی نعیم صادق سمالزئی نے فوراً پولیس اہلکاروں کو اطلاع دی۔ جنہوں نے واکی ٹاکی سیٹ خراب ہونے کا واویلا اور ڈرامہ کیا۔ پھر نعیم صادق سمالزئی نے مددگار 15 پر کال کی جس کے بعد بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

گوادر؛ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو میر شیر محمد خداداد سے انکے صاحبزادے کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا وجود پاکستانی ماحول سے کوئی مطابقت نہیں رکھتا، جمعیت کوئٹہ

جمعیت علما اسلام ملک میں فحاشی اور عریانی پھیلانے کی اجازت نہیں دے گی

ڈی چوک کے بعد زمان پارک سے تعفن اٹھنے کی بازگشت مشرقی تہذیب پر حملہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا کہ ڈی چوک کے بعد زمان پارک سے تعفن اٹھنے کی بازگشت مشرقی تہذیب پر حملہ ہے، پی ٹی آئی کا وجود پاکستانی ماحول سے کوئی مطابقت نہیں رکھتا، ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیلقی، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی عبدالسلام ریئسانی مولانا عبدالاحد محمد حسنی مولانا حکیم حبیب اللہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے بجٹ سب سے بڑا حصہ امن و امان پر خرچ ہوتا ہے، میر یونس عزیز زہری

بلوچستان کے قدرتی وسائل کا صحیح استعمال کر کے پورا ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے

خضدار (این این آئی) بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار میں خوشحال بلوچستان کے عنوان سے پروگرام منعقد قبائلی و سیاسی رہنماؤں سے سمیت شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری، ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) الیاس کبزئی، فوکل پر منصور، رجسٹرار جلال شاہ و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے بجٹ سب سے بڑا حصہ امن و امان پر خرچ ہوتا ہے گزشتہ دس سالوں سے امن و امان کی وجہ سے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ہم کبھی بھی نہیں چاہیں گے کہ ہمارے بچے نقل کر کے پاس ہوں' اسد اللہ سالانی

نقل کے خلاف ہم عملی جدو جہد کرتے رہیں گے تاکہ نقل جیسے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ دیا جاسکے

نصیر آباد (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی اسد اللہ سالانی نے کہا ہے کہ ہم کبھی بھی نہیں چاہیں گے کہ ہمارے بچے نقل کر کے پاس ہوں نقل کے خلاف ہم عملی جدو جہد کرتے رہیں گے تاکہ نقل جیسے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ دیا جاسکے نقل کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے اس میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے طلبا کو چاہیے کہ وہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز کریں تاکہ وہ بہتر انداز میں علم حاصل کر کے ملک و قوم کی خدمت کر سکیں۔

ووٹ کے صحیح استعمال سے بہتر مستقبل کا فیصلہ کر سکتے ہیں، ثمینہ زہری

ووٹ کا صحیح استعمال ہر پاکستانی پر فرض ہے اور بغیر کسی دباؤ اور زور زبردستی کے ووٹ کا حق استعمال کرنا حق ہے

ووٹ ہی کے ذریعے ہم مستقبل کے لئے مخلص قیادت اور نمائندوں کا انتخاب کر سکتے ہیں' کوئی بھی معاشرہ ووٹ کی اہمیت سے انکار نہیں کر سکتا

کوئٹہ (این این آئی) ووٹ قومی امانت اور فریضہ ہے اور اس کا صحیح استعمال ہر پاکستانی کا حق اور ذمہ داری ہے۔ ووٹ کے صحیح استعمال ہی سے ہم اپنے مستقبل کے لئے بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ووٹ کا صحیح استعمال ہر پاکستانی پر فرض ہے اور بغیر کسی دباؤ اور زور زبردستی کے ووٹ کا حق استعمال کرنا حق ہے۔ ووٹ ہی کے ذریعے ہم مستقبل کے لئے مخلص قیادت اور نمائندوں کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ ووٹ کی اہمیت سے انکار نہیں کر سکتا کوئی بھی ریاست اپنے عوام کے بغیر ریاست نہیں بن سکتی۔ انتخابات میں ووٹ کے ذریعے ہی ہم اپنے اچھے برے کا فیصلہ کرتے ہیں ووٹ کے صحیح استعمال سے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لورالائی؛ ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی سے مسیح برادری و والمیک برادری کی وفد ملاقات کر رہے ہیں

گرمی گئی سردی گئی دوبارہ گرمی آ گئی لیکن بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے حالات نہ بدلے

سات ماہ گزرنے کے باوجود حکومتی امداد کے منتظر، حکومت نے چپ سادھ لی

اوتھل (نامہ نگار) گرمی گئی سردی گئی دوبارہ گرمی آ گئی لیکن بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے حالات نہ بدلے سات ماہ گزرنے کے باوجود حکومتی امداد کے منتظر، حکومت نے چپ سادھ لی، گزشتہ سال لسبیلہ سمیت بلوچستان میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی تھی کئی گھر پانی میں بہہ گئے تھے اور کئی گھر منہدم ہو گئے تھے اور کئی گھروں کو دراڑیں پڑ گئی تھی لیکن وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف دلاسے ہی دیے گئے لیکن سیلاب بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ترجمان محکمہ خوراک بلوچستان کے اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان محکمہ خوراک بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق محکمہ خوراک بلوچستان نے ماہ رمضان کے بابرکت مہینے میں غریب عوام کو ریلیف دینے کے لیے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 14 اضلاع بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ٹیارو کے مقام قومی شاہراہ پر پک اپ اور رکشہ میں تصادم، ایک شخص جاں بحق

اوتھل (نامہ نگار) ٹیارو کے مقام قومی شاہراہ پر پک اپ اور رکشہ میں تصادم، ایک شخص جاں بحق 2 افراد زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز ضلعی صدر مقام اوتھل سے تقریباً 40 کلومیٹر دور مین آر سی ڈی شاہراہ پر ٹیارو کے مقام پر پک اپ اور رکشہ کے تصادم کے نتیجے میں ایک شخص حیدر علی خاصخیلی ولد تاج محمد خاصخیلی جاں بحق جب کہ دو افراد عبدالقادر اور جمعہ خان زخمی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

جاپانی کیلنڈر نمائش 15 سے 17 مارچ تک کوئٹہ میں ہوگی

جاپان کے ہر شعبہ کی عکاسی کرنے والے کیلنڈر نمائش کیلئے رکھے جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاک جاپان فرینڈ شپ سوسائٹی بلوچستان کوئٹہ کے زیر اہتمام جاپان قونصلیٹ کراچی کے تعاون سے کوئٹہ میں جاپانی کیلنڈروں کی نمائش 15 سے 17 مارچ تک منعقد ہوگی۔ افتتاحی تقریب 15 مارچ کو شام چار بجے پاک جاپان کلچر سینٹر جناح ٹاؤن کوئٹہ میں ہوگی۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ اور پاک جاپان فرینڈ شپ سوسائٹی کوئٹہ بلوچستان کے صدر فیروز شاہ بھی افتتاحی تقریب میں موجود ہوں گے۔

پسنی؛ کتاب میلہ میں اسسٹنٹ کمشنر محمد جان بلوچ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

متحدہ قومی موومنٹ کے 39 واں یوم تاسیس ذونل دفتر میں منایا گیا

گنداخہ (نامہ نگار) متحدہ قومی موومنٹ کے 39 واں یوم تاسیس ذونل دفتر میں منایا گیا یوم تاسیس کا کیک صوبائی صدر ملک عمران اللہ کاکڑ، صوبائی سینئر نائب صدر میر امداد حسین مری، صوبائی نائب صدر میر عبدالستار خان جمالی، صوبائی کمیٹی کے ممبر حاجی نصیر خان کھوسہ، نو منتخب زونل انچارج میر نذیر احمد عمرانی سابق زونل انچارج احمد حسین بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

حاجی میر علی مدد جتک سے پیپلز پارٹی کے رہنما میر سلیم احمد خان کھوسہ کی ملاقات

ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، حاجی میر علی مدد جتک سے پیپلز پارٹی کے رہنما، رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ کی ملاقات سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعہ کو پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، حاجی میر علی مدد جتک سے پیپلز پارٹی کے رہنما، رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

سریاب گرڈ کے اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر میں برقی لائنوں کی ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں 11 مارچ کو (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اولڈ منگلی، پی ٹی وی، جناح روڈ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو، عالم خان، ایف سی اسپتال، مالک، کسٹم فیڈروں سے صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک۔ سریاب گرڈ کے اولڈ لیاقت بازار، اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

تعلیمی ادارے و نجی شعبے ٹریفک کی روانی میں حکومت کی مدد کریں، ڈاکٹر محمد اسلم

جان لیوا حادثات میں کمی آئے گی اور شہریوں کو ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کی ترغیب ملے گی

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری ٹرانسپورٹ ڈاکٹر محمد اسلم نے تعلیمی اداروں سمیت نجی شعبے سے مطالبہ کیا کہ وہ ٹریفک کی نگرانی کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال میں حکومت کی مدد کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے BUITEMS میں افتتاحی تقریب کے دوران کیا۔ BUITEMS نے پاک چینو موٹرز، ٹویوٹا زرغون موٹرز، ٹریفک پولیس اور NHA حکام کے تعاون سے 03 روزہ ڈرائیونگ ٹریننگ کا انعقاد کیا۔ سیکریٹری ٹرانسپورٹ نے کہا کہ حکومت نجی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ملک کو بین الاقوامی اور ملکی سطح پر جس صورتحال کا سامنا ہے وہ انتہائی گھمبیر ہے

حکمرانوں نے ملک کو امریکی جنگ میں جھونک کر قوم کو ایک دلدل میں پھنسایا گیا، جمعیت نظریاتی

آکابرین کے عظیم نظریاتی فکر سوچ، اور اجتماعیت کا پیغام پہنچانا ہمارا فریضہ ہے، مولانا محمود الحسن

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ضلعی امیر قلعہ سیف اللہ مولانا عبدالروف صوبائی ترجمان مولوی رحمت اللہ حقانی مرکزی کنوینر عبدالرحیم صابر ضلعی نائب امیر مولانا جمعہ خان مولانا امان اللہ ضلعی کنوینر قلعہ سیف اللہ حافظ خاص الدین ڈپٹی کنوینر عصمت اللہ گوہر و دیگر کانفرنس کی دوسری سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکابرین کے عظیم نظریاتی فکر سوچ، اور اجتماعیت کا پیغام پہنچانا ہمارا فریضہ ہے اسلام کا عادلانہ نظام کا نفاذ، ملک میں امن خوشحالی اور امت کو بندوں کی غلامی سے نکالنا ہمارا منشور ہے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو بین الاقوامی اور ملکی سطح پر جس صورتحال کا سامنا ہے وہ انتہائی گھمبیر ہے۔ پاکستان کا اسلامی تشخص اور اس کے دستوری نظریاتی بنیادیں ان بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات سے پی پی لورالائی کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی سے پی پی لورالائی ڈویژن کے صدر رحمت خان کدیزئی، صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن قیوم مردانزئی اور رکن بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے ایک اعلامیے

کوئٹہ (پ ر) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے ایک اعلامیے کے مطابق ایسے امیدوار جنہوں نے ڈی پی ٹی (DPT) سیشن (2022-23) کے لئے داخلہ فارم جمع کیا ہے کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کا انٹرویو مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگا (1) حافظ قرآن کا ٹیسٹ مورخہ 13 مارچ 2023 بوقت صبح 9:30 بجے رجسٹرار آفس BumHS بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

باچاخان امن کانفرنس، لسبیلہ بار کے عہدیداروں کو شرکت کی دعوت

حب (این این آئی) باچاخان امن سیمینار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ماہت کاکا اور ضلعی صدر منان افغان لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کے صدر اقبال جاموٹ اور جنرل سیکرٹری آفتاب انور شیخ کو باچاخان امن سیمینار میں شرکت کرنے کی دعوت نامہ دیا جس پر لسبیلہ بار ایسوسی ایشن کے صدر اقبال جاموٹ اور جنرل بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ہندو سمیت تمام اقلیتی برادری کو مکمل تحفظ اور مذہبی آزادی حاصل ہے

اقلیتی برادری نے پورا بلوچستان میں تعمیر و ترقی خوشحالی میں مثبت انداز سے اپنا رول ادا کر رہے ہیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوبان سلیم دشتی نے کہا کہ اقلیتی برادری ہندو سمیت تمام اقلیتی برادری کو مکمل تحفظ اور مذہبی آزادی حاصل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں اقلیتی برادری کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران۔ کی ملاقات میں والمیک برادری کے چوہدری عمران راجہ مسیح برادری کے صدر عزیز سیالی چوہدری عدنان اصغر اور دیگر شامل تھے انہوں نے اقلیتی برادری کی جانب سے ڈپٹی کمشنر لورالائی لورالائی آمد پر خوش آمدید کہی اور اقلیتی برادری کی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود سیلاب متاثرین تاحال حکومتی امداد کے منتظر ہیں، متاثرین

وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف دلاسے ہی دیئے گئے

اوتھل (این این آئی) گرمی گئی، سردی گئی دوبارہ گرمی آ گئی لیکن بلوچستان کے سیلاب متاثرین کے حالات نہ بدلے آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود حکومتی امداد کے منتظر حکومت نے چپ سادھ لی، گزشتہ سال لسبیلہ سمیت بلوچستان میں آنے والے سیلاب نے تباہی مچادی تھی کئی گھر پانی میں بہہ گئے تھے اور کئی گھر منہدم ہو گئے تھے اور کئی گھروں کو دراڑیں پڑ گئی تھی لیکن وفاقی حکومت اور بلوچستان حکومت کی جانب سے سیلاب متاثرین کو صرف دلاسے ہی دیئے گئے لیکن بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ امتحانی مرکز میں جدید کمپیوٹرائز حاضری کا معائنہ کر رہے ہیں

دہشت گردی کسی بھی طرح عوام اور صوبے کے خیر خواہ نہیں، ثوبیہ کرن

ملک دشمن عناصر ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

عوام اور سیکورٹی فورسز کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں' سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں عوام اور سیکورٹی فورسز کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں سیکورٹی ادارے اور عوام مل کر دہشت گردوں کا قلع قمع کریں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ثوبیہ کرن کبزئی نے کہا کہ بلوچستان میں مٹھی بھر دہشت گرد اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے بے گناہ سیکورٹی فورسز اور شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں بی کے علاقے میں بی سی کی گاڑی پر خودکش حملے میں ملوث عناصر انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ملک میں قبل از وقت عام انتخابات کا امکان نہیں، بابر یوسفزئی

وزیراعلیٰ کے اقدامات کے نتیجے میں گوادر میں غیر قانونی ٹرالنگ ختم، ماہی گیروں کیلئے صحت کارڈ کا اجرا کیا گیا ہے

گوادر کے عوامی اور ماہی گیر حکومت بلوچستان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کے ترجمان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے اقدامات کے نتیجے میں گوادر میں غیر قانونی ٹرالنگ ختم، ماہی گیروں کیلئے صحت کارڈ کا اجرا کیا گیا ہے، بلوچستان اسمبلی تحلیل کرنے یا ملک میں قبل از وقت عام انتخابات کا امکان نہیں بلوچستان میں مخلوط حکومت ہے جو بھی ہوگا اتحادیوں کی مشاورت سے ہوگا، حق دو تحریک میں گوادر کے لوگ نہیں بلکہ ایک سیاسی جماعت کے لوگ شامل ہیں، مولانا ہدایت الرحمن کو عدالتوں نے سزا دی حکومت کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ تین روزہ دورے پر گوادر میں ہیں جہاں انہوں نے ماہی گیروں سے ملاقاتیں کیں، گوادر کے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

زیارت؛ ڈپٹی کمشنر شبیر احمد بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان رینجرز (سندھ) اور پولیس نے مشترکہ کارروائی' منشیات برآمد

حب (نمائندہ خصوصی) پاکستان رینجرز (سندھ) اور پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے حب سے کراچی منشیات کی اسمگلنگ کوشش ناکام بنادی کھوکھرا پار طیر سے منشیات فروشی میں ملوث 2 ملزمان محمد الیاس اور انور علی کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے منشیات بھی برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق: ملزمان ماہانہ تقریباً 12 لاکھ روپے کی منشیات حب چوکی سے خرید کر لاتے تھے اور کراچی کے مختلف علاقوں غریب آباد، کھوکھرا پار طیر اور بکرا پیڑی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

مسافر گاڑیوں کو قوانین پر عملدرآمد کرایا جارہا ہے' ظفر اقبال کبدانی

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا ٹریکنگ نظام بھرپور طریقے سے کام کر رہا ہے' سیکرٹری آر ٹی اے

ٹرانسپورٹیشن کے حوالے سے مزید اصلاح کر رہے ہیں' بات چیت

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کراچی روڈ سمیت تمام روٹس پر چیکنگ کا نظام مزید بہتر اور سخت کر دیا گیا ہے مسافر گاڑیوں کو روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کیا جارہا ہے ان خیالات کا اظہار پروشنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے سیکرٹری ظفر اقبال کبدانی نے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اتھارٹی کا عملہ مکمل طور پر فعال اور متحرک ہے۔ اور بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

کوئٹہ؛ کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عابد میر کی گمشدگی سے نہ قلم خاموش ہوگا نہ ہی ریاستی رٹ مضبوط ہوگی، کامریڈ امداد قاضی

کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان فوری طور پر عابد میر کی رہائی کا مطالبہ کرتی ہے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) عابد میر کی گمشدگی سے نہ قلم خاموش ہوگا نہ ہی ریاستی رٹ مضبوط ہوگی، کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان فوری طور پر عابد میر کی رہائی کا مطالبہ کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان کے سیکرٹری جنرل کامریڈ امداد قاضی اور بلوچستان کمیٹی کے رہنما کامریڈ فرحاد رند نے جبری گمشدگیوں کی تازہ مہم پر اپنے مشترکہ بیان میں کیا، انہوں نے مزید کہا کہ اسٹیبلشمنٹ ماضی میں پاکستان کے سیاسی و آئینی نظام، معیشت اور ملک بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے جعلی ڈومیسائل بنانے پر سرکاری آفیسر کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے جعلی ڈومیسائل بنانے پر سرکاری آفیسر کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل کوئٹہ نے جعلی ڈومیسائل بنانے والے ملزم منظور احمد نیازی جو کہ سابقہ اے ڈی سی کوئٹہ رہ چکے ہیں انہوں نے بطور اے ڈی سی کے پی کے سے تعلق رکھنے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بوائز ڈگری کالج پسنی کے زیر اہتمام دو روزہ کتاب میلہ کے افتتاحی تقریب

ہمیں کتابوں سے عشق ہے، پسنی میں جاری دو روزہ کتب میلہ میں طالبات کا عزم

گوادر/پسنی (این این آئی) بوائز ڈگری کالج پسنی کے زیر اہتمام دو روزہ کتاب میلہ کے افتتاحی تقریب کا بروز جمعہ پسنی ڈگری کالج میں باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، تقریب کے مہمان خاص اسسٹنٹ کمشنر پسنی محمد جان بلوچ تھے، اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی نور احمد کلمتی، وائس چیئرمین قیوم جوہر، چیف میونسپل آفیسر مندوست بلوچ، تحصیلدار پسنی شیک حیات اور پسنی ڈگری کالج کے پرنسپل شہزاد ہاشم بھی موجود تھے۔ منعقدہ کتب میلہ میں ڈگری کالج سمیت مختلف گرلز اسکولوں کے طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی، دو روزہ کتاب میلہ میں مختلف پبلیکیشنز نے اپنے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

باچاخان بابا کے فلسفہ عدم تشدد کا پرچار پوری دنیا کرتی ہے، ہیبت خان چکھڑو

حب (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی حب کے رہنما ہیبت خان چکھڑو نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ 12 مارچ 2023 بروز اتوار کو باچا خان امن سیمینار لیڈا آڈیٹوریم میں منعقد کیا جارہا ہے جس کا مقصد ملکی بقا، امن وسلامتی اور بھائی چارے کے پیغام دینے کے ساتھ ساتھ ملک کے موجودہ حالات اور درپیش دشواریوں کا مثبت حل ڈھونڈنا ہے باچا خان بابا کا شمار نہ صرف پاکستان بلکہ ایشیاء کے بہترین عظیم رہنماؤں میں ہوتا ہے۔

ماہ صیام کے آنے سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، عوامی حلقے

اشیاء خورد و نوش و دیگر روز مرہ کی ضروریات زندگی کی چیزوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی

اوتھل (نامہ نگار) ماہ صیام کے آنے سے قبل ہی مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، عوام کی چیخیں نکل گئیں، آٹا، چینی، گھی، دالیں سبزیوں، پھلوں و دیگر روز مرہ کی ضروریات زندگی کی چیزوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، غریب لوگ نان شبینہ کو ترس گئے، دیہاڑی دار طبقے کو اس کمر توڑ مہنگائی میں سخت مشکلات کا سامنا عوامی حلقوں کا رمضان المبارک میں حکومت سے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کسان پیکیج پر عملدرآمد نہ ہونے اور لوڈشیڈنگ کیخلاف 16 مارچ کو دھرنے کا اعلان

مون سون کی بارشوں کے دوران سیلاب سے بلوچستان، سندھ اور پنجاب میں کسانوں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا

کوئٹہ سمیت پورے پاکستان میں احتجاجی دھرنے دیئے جائیں گے، خالد حسین باٹھ

کوئٹہ (این این آئی) کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کسان پیکج پر عملدرآمد نہ ہونے اور غیر اعلانیہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف 16 مارچ کو کوئٹہ سمیت پورے پاکستان میں احتجاجی دھرنے دیئے جائیں گے جو مسائل حل ہونے تک جاری رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو صمت وحز، ملک فاروق مہترزئی اور دیگر کسانوں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ خالد حسین نے کہا کہ مون سون کی بارشوں کے دوران سیلاب سے بلوچستان، سندھ اور پنجاب میں کسانوں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا کسان اتحاد پاکستان کے احتجاج کے بعد وفاقی حکومت نے کسانوں کیلئے کسان پیکج کا اعلان کیا لیکن آج تک اس پیکج پر عملدرآ بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوریئر آن لائن لاجسٹکس اینڈ انٹرنیشنل کارگو سروس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) کوریئر آن لائن لاجسٹکس اینڈ انٹرنیشنل کارگو سروس کی افتتاحی تقریب گزشتہ روز ہزارہ ٹاؤن میں منعقد ہوئی، اس موقع پر علامہ آصف حسینی، محمد شریف جمال، نیشنل پارٹی کے محمد رمضان ہزارہ، اسحاق حیدری، جاوید علی، اسحاق چنگیزی، ڈاکٹر عارف ہزارہ، ذوالفقار علی بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی کونسلر مبارک علی ہزارہ، اتحاد تاجران بلوچستان کے محمد ضیا صالحی، سید عالمی، انجینئر اصغر حیدری، علی آباد تاجران کے واحد ہادی و دیگر معززین بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اس سال داخلہ مہم میں 4715 بچوں کو سکول داخل کرنا ہے، اختر محمد کھیتران

والدین اپنے چار سال سے دس سال تک کے بچوں کو اسکول میں داخل کرائیں

سبی (این این آئی) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن اختر محمد کھیتران، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابڑو، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد یعقوب لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد انور لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا عزم ہے کہ ہر بچہ سکول میں ہوں اس بار ہمیں 4715 بچوں اور بچیوں کو سکول میں داخل کرنا ہے

نوشکی بار و چاغی کے عہدیداروں کا ڈسٹرکٹ بار روم نوشکی میں اجلاس منعقد ہوا

وکلا، چیمبرز کے غیر آئینی و قانونی سیل کرنے پر ڈی سی، و تحصیلدار نوشکی نے معذرت کی

نوشکی (این این آئی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نوشکی و چاغی کے عہدیداران و ممبران کی موجودگی میں ڈسٹرکٹ بار روم نوشکی میں ایک میٹنگ ہوئی، اس دوران ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نوشکی جناب بزیر بلوچ کی موجودگی میں ڈپٹی کمشنر نوشکی خرم خالد بلوچ، مورخہ 3-3-2023 کے واقعے جس میں وکلا کے چیمبرز کو غیر آئینی و غیر قانونی طریقے سے سیل کیا گیا تھا کی بابت وکلا، کے پاس آ کر ڈپٹی کمشنر نوشکی اپنی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، تحصیلدار نوشکی کے رویہ سے متعلق ڈسٹرکٹ بار روم آفس آ کر وکلا سے معذرت کی۔ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نوشکی خلیل احمد قمبرانی ایڈوکیٹ، سینئر نائب صدر حاجی محمد طاہر مینگل ایڈوکیٹ، جنرل سیکرٹری مدد خان مینگل ایڈوکیٹ، ڈسٹرکٹ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

نقل ایک ناسور ہے نقل سے پاس ہونے والے طلباء کا کوئی مستقل نہیں' شبیر احمد بادینی

تعلیم ترقی کا زینہ ہے معیاری تعلیم کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت شبیر احمد بادینی نے زیارت میں جاری نہم اور دہم کے سالانہ امتحان کے سینٹر کا دورہ کیا امتحانی عملے سے بات چیت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر زیارت شبیر احمد بادینی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نقل ایک ناسور ہے نقل سے پاس ہونے والے طلباء کا کوئی مستقل نہیں طلباء نقل سے پرہیز کریں اور اپنی محنت کے بل بوتے پر امتحان پاس کرائے تاکہ نقل کرنے والوں کی حوصلہ شکنی ہو سکے انہوں نے امتحانی عملے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ایک لفظ نقل بھی نہ چھوڑے اور نقل کے حوالے سے طلباء کے ساتھ سختی سے پیش آئے۔

بلوچستان بار کونسل کے ممبر ایوب ترین سے اظہار تعزیت

چاغی (این این آئی) چاغی بار کے صدر عبدالشکور بادینی ایڈوکیٹ جنرل سیکرٹری عبدالغفار بلوچ ایڈوکیٹ، پریس سیکرٹری خلیل احمد مینگل ایڈوکیٹ، حاجی نذیر احمد ا بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

نوجوان نسل اپنی زندگی کے شمع کو ہمیشہ کیلئے بجھاتے ہیں، قاضی امان بلوچ

سائیکلنگ آگاہی مہم نوجوان کو خودکشی اور دیگر مسائل سے دور رکھنا ہے

قلات (این این آئی) مارشت سائیکلنگ ایسوسی ایشن کی طرف سے دوسرا سائیکلنگ آگاہی مہم خودکشی خطرے کی عوامل کے سلسلے میں تربت کے ایک نوجوان قاضی امان بلوچ نے ایک آگاہی مہم سائیکلنگ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے شروع کی ہے جو کہ گوادر میں اختتام پذیر ہوگا گزشتہ شب قاضی امان بلوچ اسی آگاہی مہم کے سلسلے میں ضلع قلات پہنچے جہاں دوران کو مقامی ریسٹ ہاؤس میں قیام کی جبکہ صبح 9 بجے پھر اپنا سفر شروع کر دی قبل ازیں قلات کی سرزمین پر انکے استقبال کیلئے سماجی ورکرز علاقے معتبرین بھی موجود تھے اس موقع پر انہوں بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

قلعہ سیف اللہ، واپڈا حکام زمینداروں کو معاشی طور پر تباہ کرنا چاہتے ہیں، عبداللہ جان

بڑے پیمانے پر بلز کی ادائیگی کے باوجود بجلی کم کر دیا گیا، پریس ریلیز

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبداللہ جان میرزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ گزشتہ ماہ زمینداروں نے بڑی تعداد میں بلز ادائیگی کیا لیکن اس کے باوجود واپڈا حکام نے واپس زرعی فیڈرز پر بجلی کی دورانیہ کم کر دیا اب 6 گھنٹوں کے بجائے 4 گھنٹے بجلی دیا جا رہا ہے واپڈا حکام زمینداروں کو معاشی طور پر تباہ کرنا چاہتے ہیں پہلے جام ہڑتال کے بعد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے زرعی فیڈرز پر مکمل طور پر بجلی بحال کرنے کی ہدایت کی گئی جس کے بعد تین دن کے لئے بجلی بحال کر دیا گیا لیکن اب واپس کم کر دیا گیا واپڈا حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ زرعی فیڈرز پر فوری طور پر بجلی بحال کریں۔

کوئٹہ؛ فاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال کے ایم ایس میڈم ڈاکٹر طاہرہ کمال بلوچ اور پیرامیڈیکل کے صدر عزیز احمد بلوچ فاطمہ جناح کے نرسری کا معائنہ کر رہے ہیں

چھتر؛ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول میر حسن والدین کمیٹی کا (ای ایس پی) میجر نصیر آباد کیخلاف احتجاج کیا جارہا ہے